تحقیقی مقالہ برائے ایم۔فل علوم اسلامیہ

عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی منتخب اینڈر و یڈ ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ

مقالہ نگار: عباس علی

نگران مقالہ: ڈاکٹر سہیل انور　　معاون نگران مقالہ: ڈاکٹر ہاشم علی

شعبۂ علوم اسلامیہ

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، خیبر پختونخوا، پاکستان

سیشن: 2020ء-2022ء

تحقیقی مقالہ برائے ایم۔فل علوم اسلامیہ

عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ

مقالہ نگار: عباس علی

نگران مقالہ: ڈاکٹر سہیل انور

معاون نگران مقالہ: ڈاکٹر ہاشم علی

شعبہ علوم اسلامیہ

عبد الولی خان یونیورسٹی مردان، خیبر پختونخوا، پاکستان

سیشن: 2020ء - 2022ء

اپیلی کیشنز ڈاون لوڈ کرنے میں کوئی مسئلہ ہو یا کوئی ضروری وضاحت درکار ہو تو وٹس ایپ پر رابطہ کریں۔

عباس علی عباسؔ: 03133232387

بسم الله الرحمن الرحيم

فہرستِ مضامین

❖	عنوان	صفحہ
❖	Author’s Declaration	5
❖	Plagiarism Undertaking	6
❖	Forwarding Letter by the Supervisor	7
❖	Similarity Index Certificate by the QEC	8
❖	Report of the Viva-Voce Examination	9
❖	**انتساب**	10
❖	**اظہارِ تشکر**	11
❖	**مقدمہ**	12
باب اول	**عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم، موبائل فون ٹیکنالوجی اور اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کا اجمالی تعارفی جائزہ**	18
فصل اول	تفسیر قرآن کی بنیادی اصطلاحات کا تعارفی جائزہ	19
فصل دوم	عربی تفاسیر کے اردو تراجم کا جامع اشاریاتی جائزہ	27
فصل سوم	موبائل فون ٹیکنالوجی اور اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، اہمیت اور اہم اصطلاحات	36
باب دوم	**عربی کی بالروایہ، نحوی اور لغوی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کا تعارفی وتنقیدی جائزہ**	50
فصل اول	عربی کی بالروایہ تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال	51
فصل دوم	عربی کی نحوی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال	79

فصل سوم	عربی کی لغوی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال	90
باب سوم	**عربی کی فقہی، کلامی اور بعض متفرق تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا تعارفی وتنقیدی جائزہ**	95
فصل اول	عربی کی فقہی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال	96
فصل دوم	عربی کی کلامی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال	113
فصل سوم	متفرق عربی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال	122
❖	**خلاصہ بحث**	145
❖	**نتائج تحقیق**	147
❖	**تجاویز وسفارشات**	148
❖	**علمی وفنی فہارس**	149
❖	فہرستِ آیات	150
❖	فہرستِ احادیث	151
❖	فہرستِ اعلام	152
❖	فہرستِ اصطلاحات	154
❖	فہرستِ ایپلی کیشنز	157
❖	فہرستِ مصادر ومراجع	159
❖	ویب گاہیں / Websites	162

Author's Declaration

I, **ABBAS ALI** S/O **Saeed Ullah** hereby state that my M.Phil thesis titled:

”عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویئڈ ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ“

is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from **Abdul Wali Khan University Mardan, KPK, Pakistan** or anywhere else in the country/world.

At any time if my statement is found incorrect even after my Graduation, the University has the right to withdraw my M.Phil degree.

Abbas Ali S/O **Saeed Ullah**
M.Phil Research Scholar
Islamic Studies
AWKUM

Plagiarism Undertaking

I, solemnly declare that the research work presented in the thesis titled:

”عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویئڈ ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ“
is solely my research work with no significant contribution from any other person. Small contribution / help whenever taken has been duly acknowledged and that complete thesis has been written by me.

I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Abdul Wali Khan University Mardan, KPK, Pakistan towards plagiarism. Therefore, I as an author of the above titled thesis declare that no portion of my thesis has been plagiarized and any material used as reference is properly referred / cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above titled thesis even after award of M.Phil degree, the University reserves the rights to withdraw/revoke my M.Phil degree and that HEC and the University has the right to publish my name on the HEC/university website on which names of students are placed who submitted plagiarized thesis.

____

Abbas Ali S/O **Saeed Ullah**
M.Phil Research Scholar
Islamic Studies
AWKUM

Forwarding Letter by the Supervisor

The thesis entitled:

”عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی منتخب اینڈروئیڈ ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ“

Submitted by **Mr. Abbas Ali** in partial fulfillment for the requirements for the degree of M.Phil in Islamic Studies has been completed under my guidance and supervision. I am satisfied with the research work of the scholar and recommend it for further necessary action.

Dr. Sohail Anwar
Research Supervisor
Islamic Studies
AWKUM

QUALITY ENHANCEMENT CELL (QEC)
ABDUL WALI KHAN UNIVERSITY, MARDAN
Email: similarity_index@awkum.edu.pk
URL: www.awkum.edu.pk, Phone#: 0937-920859

No. D. QEC/AWKUM/2022/ 5571 Dated: 20 /06/ 2022

Similarity Index Certificate

Software Used	Turnitin (HEC recommended)
Name of student	Mr. Abbas Ali
Father Name	Saeed Ullah
Level of Project/thesis	MPhil
Teaching Department	Islamic Studies
Title of thesis	عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی منتخب اینڈروئیڈ ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ
Matching (similarity index found)	12% (Recommended threshold by HEC: 19%)
Similarity Index Report ID:	1858443570
Name of supervisor	Dr. Sohail Anwar
Head of teaching department	Dr. Hafiz Salihuddin

Note: This certificate is issued on behalf of file/thesis received from the supervisor, through email dated: 10-06-2022 on the condition that, if the ASRB confirm the scholar's research topic etc.

Deputy Director QEC **Director QEC**

Report of the M.Phil Viva-Voce Examination Vide AWKUM Semester Rules & Regulation, for M.Phil (Section No. 15.8)

The viva-voce examination of **Abbas Ali S/O Saeed Ullah,** M.Phil Scholar, Department of Islamic Studies, Abdul Wali Khan University Mardan, having Registration No: 09-AWKUM-PGS-201, Academic Session: Fall-2020 was conducted on August 25, 2022 at Department of Islamic Studies, AWKUM.

The viva voce examination of the thesis with the title:

عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ

was successfully conducted. The scholar convincingly defended his thesis and answered the questions satisfactorily.

Further, while evaluating/examining the thesis, the scholar was granted 92 marks out of the total 100 marks. The undersigned recommend that the scholar may be awarded **M.Phil Degree in Islamic Studies** subject to fulfillment of all other codal formalities pre-requisites.

25/8/22

Dr. Janas Khan (Associate Professor)
Department of Islamic Studies,
University of Malakand

Dr. Sohail Anwar
Supervisor/ Lecturer
Department of Islamic Studies,
Abdul Wali Khan University Mardan

GSC Member
Department of Islamic Studies,
Abdul Wali Khan University Mardan

Dr. Hafiz Salihuddin
Chairperson,
Department of Islamic Studies
Abdul Wali Khan University Mardan

انتساب

میری یہ تحقیق ان لوگوں کے نام جن کے دل احساس کے نور سے منور ہیں اور کسی نہ کسی درجہ میں بے حسی کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں یا اس جنگ کو لڑتے لڑتے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔

احساس کے نور سے منور دل رکھنے والوں میں خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا نام سر فہرست ہے اور پھر میرے بے حد محترم، مہربان اور شفیق والدین اور اساتذہ کرام کے نام جنہوں نے مجھے احساس کے نور سے روشناس کر کے جینے کا سلیقہ سکھایا۔

اظہار تشکر

- اللہ کی مدد اور توفیق کے بغیر انسان کچھ بھی نہیں کر سکتا اس لیے سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس مشکل کام کو میرے لیے آسان بنا کر اسے پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔
- استاد محترم نگران مقالہ ڈاکٹر سہیل انور صاحب کا بے انتہا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ایک دوست کی طرح رویہ رکھ کر ہمیشہ شفقت اور نرمی کے ساتھ راہنمائی فراہم کی۔
- معاون نگران مقالہ ڈاکٹر ہاشم علی صاحب کے علاوہ ڈاکٹر سعید الرحمن صاحب اور ڈاکٹر ابظاہر خان صاحب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کئی موقعوں پر سود مند راہنمائی فراہم کی۔
- بے مروتی ہوگی اگر میں عبد الولی خان یونیورسٹی کے اسلامیات ڈیپارٹمنٹ کے چیئر مین ڈاکٹر صالح الدین حقانی صاحب اور تمام اساتذہ کرام حتی کے نائب قاصد کا شکریہ ادا نہ کروں، کیوں کہ اس ڈیپارٹمنٹ کے ہر خاص وعام نے کسی نہ کسی درجہ میں ضرور معاونت فراہم کی ہے۔
- اپنے والدین، بھائیوں اور بعض دیگر اقارب کا بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے ہر قسم کی مصروفیت سے فارغ رکھ کر اس تحقیق کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا موقع فراہم کیا اور ہمیشہ آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا۔
- گورنمنٹ مڈل سکول موسی بانڈہ صوابی کے ہیڈ ماسٹر طاہر احمد صاحب اور جملہ سٹاف کا بھی دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے یکسوئی کے ساتھ تحقیقی کام کرنے کا موقع فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی۔
- چھوٹے بھائی کی طرح عزیز یاسر اقبال (اینڈرویڈ اپلی کیشن ڈیولپر)، محمد عبید اقبال (بی ایس سی آنرز ایگریکلچرل) اور صابر امین (ماسٹر کمپیوٹر سائنس) کا شکر گزار ہوں کہ ہمہ وقت راہنمائی کے لیے تیار رہتے اور مجھے مفید مشوروں سے نوازا۔
- ان سب کے علاوہ میں ہر اس شخص کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس نے کسی نہ کسی طرح اس مقالہ کی تیاری میں میری مدد فرمائی۔

اللہ تعالیٰ میری اس ادنی سی کاوش کو قبول فرمائے اور مندرجہ بالا تمام حضرات کو دونوں جہانوں کی خوشیاں عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

مقدمہ

اللہ تعالی نے انسانوں کو پیدا فرمایا تو ان کی راہنمائی کے لیے انبیاء کرام علیھم السلام بھیجے۔ حضرت محمد ﷺ پر اللہ تعالی نے نبوت کے منصب کو پایہ تکمیل تک پہنچایا اور اب حضور ﷺ کے بعد کوئی پیغمبر نہیں آئے گا۔ ارشاد باری تعالی ہے: "مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ"[1]

ترجمہ: (مسلمانو!) محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں، اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں۔[2]

اللہ تعالی نے اپنے آخری پیغمبر ﷺ پر ایک عظیم الشان کتاب قرآن مجید نازل فرمائی۔ اس کتاب میں قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لیے ہدایت ہے۔ قرآن میں اللہ تعالی نے جگہ جگہ انسانوں کو عقل و شعور اور تدبر و تفکر سے کام لینے کی دعوت دی ہے۔ جیسا کہ ایک جگہ ارشاد ہے: "كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ"[3]

ترجمہ: اللہ اپنے احکام اسی طرح وضاحت سے تمہارے سامنے بیان کرتا ہے تاکہ تم سمجھ داری سے کام لو۔

سورۃ آل عمران میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ"

"الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ"[4]

ترجمہ: بیشک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور رات دن کے باری باری آنے جانے میں ان عقل والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔

جو اٹھتے بیٹھتے اور لیٹے ہوئے (ہر حال میں) اللہ کو یاد کرتے ہیں، اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق پر غور کرتے ہیں، (اور انہیں دیکھ کر بول اٹھتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار! آپ نے یہ سب کچھ بے مقصد پیدا نہیں کیا۔ آپ (ایسے فضول کام سے) پاک ہیں، پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لیجیے۔

---

[1] سورۃ الاحزاب 40:33

[2] مفتی تقی عثمانی، **آسان ترجمہ قرآن** (کراچی، مکتبہ معارف القرآن)

[3] سورۃ البقرہ 242:02

[4] آل عمران 190:3، 191

سورۃ یونس میں ارشاد الٰہی ہے: "هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ"[1]

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی، تاکہ تم اس میں سکون حاصل کرو، اور دن کو ایسا بنایا جو تمہیں دیکھنے کی صلاحیت دے، اس میں یقیناً ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور سے سنتے ہوں۔

انسانوں نے غور و فکر ہی کی بدولت وقت کے ساتھ ساتھ ترقی کر کے مختلف النوع ایجادات سے دنیا کا نقشہ ہی بدل دیا۔ ماضی بعید سے لے کر حال تک تاریخ کے اوراق گواہ ہیں کہ مسلمان قوم کسی بھی میدان میں دیگر اقوام سے پیچھے نہیں رہی۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں نے ہر میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ ماضی قریب میں جب ٹیپ ریکارڈ وغیرہ جیسے آلات کا استعمال شروع ہوا تھا تو مسلمانوں نے اس کے استعمال سے دنیا کے کونے کونے میں دین کی دعوت پہنچائی اور اب جب انٹرنیٹ کا دور ہے اور ہر کام میں انٹرنیٹ، موبائل فون اور کمپیوٹر سے مدد لی جارہی ہے تو مسلمان اس میدان میں بھی مثبت کردار ادا کر رہے ہیں اور قرآن، تفسیر، حدیث اور فقہ وغیرہ کے لیے لاتعداد ایپلی کیشنز اور ویب سائٹ تیار کیے ہیں۔

موجودہ دور میں اینڈرویئڈ فون (Android Phone) ایک جدید اور انتہائی کارآمد ٹیکنالوجی ہے جس کے مثبت استعمال سے تقریباً ہر کام میں آسانی آئی ہے۔ اینڈرویئڈ فون کی ایپلی کیشنز (Applications) نے ہر کسی کا کام آسان بنایا ہے۔ ان ایپلی کیشنز کی وجہ سے کسی آیت یا حدیث وغیرہ کو تلاش کرنا بھی نہایت آسان ہو چکا ہے۔ بعض عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی ایپلی کیشنز بھی بنائی گئی ہیں مثلاً تفسیر مدارک التنزیل[2]، تفسیر السعدی[3] اور تفسیر مظہری[4] وغیرہ، لیکن ان ایپلی کیشنز سے اکثر لوگ ناواقف ہیں۔ اس موضوع پر تحقیقی انداز میں کام کرنا نہایت ضروری تھا۔ موضوع کی اہمیت، مقالہ نگار کی ذاتی دلچسپی اور موضوع سے واقفیت کی وجہ سے اس کو تحقیق کے لیے اختیار کیا گیا ہے۔

1.1 قضیہ تحقیق (Statement of the Research Problem)

قرآن مجید چونکہ عربی زبان میں نازل ہوا تو اہل عرب کے لیے دوسروں کی نسبت اس کا سمجھنا بہت آسان تھا۔ یہی وجہ ہے کہ عربی زبان میں قرآن مجید کی بے مثال تفاسیر لکھی گئیں۔ اہل عرب کے علاوہ بھی بعض علماء کرام

---

[1] یونس 67:10

[2] النسفی ابو البرکات عبد اللہ بن احمد بن محمود، **مدارک التنزیل وحقائق التاویل** (بیروت، دار ابن کثیر، 2009ء)

[3] ابو عبد اللہ عبد الرحمن بن ناصر، **تیسیر الکریم الرحمن فی تفسیر کلام المنان** (مصر، دار السلام للنشر والتوزیع، 2007ء)

[4] قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی، **تفسیر مظہری** (پاکستان: مکتبہ رشیدیہ، 1412ھ)

نے عربی زبان میں نہایت بہترین تفاسیر لکھی ہیں۔ مثلاً "ہندوستانی مفسرین اور اُن کی عربی تفسیریں" کے مقالہ نگار نے صرف ہندوستانی مفسرین کی عربی تفاسیر کی مجموعی تعداد ایک سو چھپن ذکر کی ہے۔[1]

عربی زبان کی تفاسیر میں سے اکثر اہم تفاسیر کے ترجمے مختلف زبانوں میں کیے گئے ہیں۔ بعض مشہور عربی تفاسیر کے تراجم اردو زبان میں بھی موجود ہیں جن میں سے اکثر کی اینڈرائیڈ اپیلی کیشنز بھی بنائی گئی ہیں جو کہ نہایت کارآمد ہیں۔

تفسیر کی اینڈرائیڈ اپیلی کیشن ایک بہت کارآمد چیز ہے۔ جن تفاسیر کی اینڈرائیڈ اپیلی کیشنز موجود ہوتی ہیں ان میں کسی آیت کی تفسیر وغیرہ تلاش کرنا عموماً بہت آسان ہوتا ہے۔ ان تفاسیر والی اپیلی کیشنز کو ڈھونڈنا اور ان کا طریقہ استعمال جاننا اگرچہ نہایت محنت طلب کام تھا، لیکن تحقیقی انداز میں اس پر کام کرنا عوام کے لیے عموماً اور اسلامیات کے طلبہ، اساتذہ اور اسکالرز کے لیے خصوصا بہت فائدہ مند تھا۔ لہذا اس افادیت کو مد نظر رکھتے ہوئے عربی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اپیلی کیشنز کا ایم فل علوم اسلامیہ کے تحقیقی مقالہ کے لیے انتخاب کیا گیا ہے۔ اس کو محققین ان شاء اللہ قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔

1.2 اہدافِ تحقیق (Objectives of the Study)

زیر نظر تحقیق کا بنیادی مقصد عربی زبان میں لکھی گئیں تفاسیر کے اردو تراجم کی دستیاب اپیلی کیشنز کے بارے میں آگہی دینا ہے۔ تاہم چند دیگر اہداف مندرجہ ذیل ہیں:

1. اینڈرائیڈ موبائل کے پلے سٹور پر ۲۰۲۲ء کے آغاز تک دستیاب عربی تفاسیر کے اردو تراجم کی اپیلی کیشنز تک اہل علم کی رسائی ممکن بنانا
2. زیر بحث اہم اور بنیادی تفسیری اصطلاحات کی وضاحت پیش کرنا
3. اینڈرائیڈ اپیلی کیشنز سے متعلق اہم اصطلاحات کا تعارف پیش کرنا
4. عربی کی بالروایہ، نحوی اور لغوی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اپیلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ لینا
5. عربی کی فقہی، کلامی اور بعض متفرق تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اپیلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال کا تنقیدی جائزہ لینا

[1] ڈاکٹر سالم قدوائی، **ہندوستانی مفسرین اور ان کی عربی تفسیریں** (لاہور: ادارہ معارف اسلامی، طبع اول: مارچ 1993ء) ص:12

2.0 سابقہ دراسات کا جائزہ (Review of Previous Literature)

عربی تفاسیر اور ان کے اردو تراجم پر اگر چہ کافی تحقیقی کام ہوا ہے لیکن زیر نظر موضوع یعنی اینڈرویڈ موبائل پلے سٹور پر دستیاب عربی تفاسیر کے اردو تراجم کی اپیلی کیشنز پر تا حال کوئی بھی مقالہ نظر سے نہیں گزرا۔ تلاشِ بسیار کے باوجود بھی اس موضوع پر کوئی تحقیقی کام نہ ملا۔ تاہم اردو کی تفاسیر قرآن کی اپیلی کیشنز پر مقالہ تحریر کیا گیا ہے۔

اردو تفاسیر قرآن کے منتخب اینڈرائیڈ اپیلی کیشنز کی خصوصیات اور اسالیب استعمال کا تنقیدی جائزہ [M.Phil]، مقالہ نگار: احمد الرحمن، نگران: ڈاکٹر نیاز محمد، شعبہ علوم اسلامیہ، عبد الولی خان یونیورسٹی مردان، سن تکمیل 2021ء

اس کے علاوہ اپیلی کیشنز کی حد تک درجہ ذیل عنوانات پر بھی کام ہو چکا ہے۔

1. **ای قرآن (E-Quran) میں اعجاز القرآن کے مباحث [M.Phil]**، مقالہ نگار: فہیم نقوی، نگران: ڈاکٹر ساجد اسد اللہ، شعبہ علوم اسلامیہ، رفاہ انٹر نیشنل یونیورسٹی، س ن
2. **تحقیقات علوم اسلامیہ میں اہم سافٹ ویئر کا استعمال اور اثرات [M.Phil]**، مقالہ نگار: ظہیر عباس، نگران: ڈاکٹر فرحت نسیم علوی، معاون نگران: محمد اقبال، شعبۂ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا، سن تکمیل 2017ء
3. **اردو زبان و ادب کی ترویج و ترقی میں کمپیوٹر سافٹ ویئرز کا کردار [PhD]**، مقالہ نگار: وہاب اعجاز خان، نگران: ڈاکٹر سلمان علی، شعبہ اردو، جامعہ پشاور، سن 2015ء

مذکورہ بالا مقالات سے معلوم ہوتا ہے کہ تحقیقی انداز میں جدید ٹیکنالوجیز پر خاطر خواہ کام نہیں ہوا، جب کہ دور حاضر میں اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ اینڈرویڈ اپیلی کیشنز اور دیگر جدید ذرائع پر تحقیقی کام کیا جائے اور ان کے فوائد منظر عام پر لا کر تحقیق کے میدان میں عملی طور پر بروئے کار لائے جائیں۔ چونکہ عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم کی اپیلی کیشنز پر تا حال کوئی کام نہیں ہوا، یہی وجہ ہے کہ عربی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویڈ اپیلی کیشنز کے موضوع کو ایم فل علوم اسلامیہ کے تحقیقی مقالہ کے لیے منتخب کیا گیا ہے جو اپنی نوعیت کی پہلی کاوش ہو گی، ان شاء اللہ۔

3.0 منہج تحقیق (Research Methodology)

زیرِ بحث مجوزہ مقالہ میں دورانِ تحقیق اختیار کیا جانے والا منہج اور مواد کی پیشکش کچھ یوں ہے:

1. اینڈرائیڈ فون ایپلی کیشنز کے استعمال کنندگان اور ماہرین فن سے راہنمائی لی گئی۔
2. منتخب عربی تفاسیر کے اردو تراجم کی فہرست تیار کی گئی اور اسے مختلف ناموں اور کلیدی الفاظ سے پلے سٹور میں تلاش کیا گیا۔
3. جس تفسیر کی ایپلی کیشن دستیاب تھی اسے موبائل فون میں انسٹال(Install) کر کے انتہائی احتیاط سے استعمال کیا گیا اور بارہا استعمال کے بعد اس کا تعارف لکھا گیا۔
4. تعارف کے بعد تمام منتخب ایپلی کیشنز کی خصوصیات اور تسامحات علیحدہ علیحدہ بیان کرنے کے بعد ایپلی کیشنز کا طریقۂ استعمال لکھا گیا۔

موضوعِ تحقیق کی مناسبت سے مقالہ بیانیہ اُسلوب میں تحریر کیا گیا۔ مقالہ کے لیے بنیاد سمارٹ فون، انٹرنیٹ اور لائبریری ہے۔ حوالہ جات معمولی ردوبدل کے ساتھ شکاگو سٹائل کے مطابق زیریں حاشیوں میں درج کیے گئے ہیں۔ آیات قرآنی کے ترجمے کے لیے مفتی تقی عثمانی صاحب[1] کے ترجمے (آسان ترجمۂ قرآن) سے استفادہ کیا گیا۔

---

[1] مفتی تقی عثمانی صاحب 5 شوال المکرم 1362ھ بمطابق 1943ء کو دیوبند ضلع سہارنپور میں پیدا ہوئے۔ آپ مفتی اعظم پاکستان محمد شفیعؒ کے فرزند ہیں۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کراچی میں مختلف اساتذہ سے حاصل کی۔ اپنے والد کے علاوہ مفتی رشید احمد لدھیانویؒ، مولانا اکبر علیؒ، اور مولانا سلیم اللہ خانؒ آپ کے قابل ذکر اساتذہ کرام میں سے ہیں۔ آپ نے سولہ سال کی عمر میں پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل کا امتحان پاس کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ آپ نے دارالعلوم کراچی کے شعبۂ تخصص فی الافتاء میں داخلہ لے کر دو سال میں فتویٰ کی تربیت حاصل کی۔ آپ نے سندھ مسلم کالج سے ایل ایل بی اور جامعہ پنجاب سے ایم اے عربی کا امتحان امتیازی نمبرات سے پاس کیا۔ 1380ء میں دارالعلوم کراچی میں ابتدائی عربی کتب سے تدریس کا آغاز کیا۔ آپ سپریم کورٹ آف پاکستان کے شریعت بنچ کا جج بھی رہے اور کئی اسلامی ممالک کے بنکوں میں شریعت نگرانی بورڈ کے ممبر ہیں۔ آپ کی تصانیف اور تالیفات کی تعداد بہت زیادہ ہے جن میں سے آسان ترجمۂ قرآن، حجت حدیث، درس ترمذی، تقلید کی شرعی حیثیت، عیسائیت کیا ہے؟، بائیبل کیا ہے؟، بائیبل سے قرآن تک، اسلام اور جدت پسندی، اسلام اور سیاست حاضرہ اور علوم القرآن خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

مولانا محمد اکبر شاہ بخاری، **اکابر علماء دیوبند** (لاہور: ادارہ اسلامیات، طباعت جدید: جنوری 1999ء) ص 551-553

4.0 منصوبۂ تحقیق (Plan of Work)

زیر نظر تحقیقی مقالہ مقدمہ اور تین ابواب پر مشتمل ہے۔ ہر باب تین فصلوں پر مشتمل ہے۔ باب اول کا عنوان ”عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم، موبائل فون ٹیکنالوجی اور اینڈرویئڈ ایپلی کیشنز کا اجمالی تعارفی جائزہ“ ہے۔ باب دوم کا عنوان ” عربی کی بالروایہ، نحوی اور لغوی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویئڈ ایپلی کیشنز کا تعارفی وتنقیدی

جائزہ“ ہے۔ جب کہ باب سوم کا عنوان ”عربی کی فقہی، کلامی اور بعض متفرق تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویئڈ ایپلی کیشنز کا تعارفی وتنقیدی جائزہ“ ہے۔

متن مقالہ کے بعد ”خلاصۂ بحث“، ”نتائج بحث“ اور تجاویز وسفارشات پیش کی گئی ہیں۔

علمی وفنی فہارس (فہرستِ آیات، فہرستِ احادیث، فہرستِ اعلام، فہرستِ اصطلاحات، فہرستِ ایپلی کیشنز، فہرستِ مصادر ومراجع) درج کی گئی ہیں۔

عباس علی ولد سعید اللہ

ایم فل ریسرچ اسکالر، شعبۂ علوم اسلامیہ، عبد الولی خان یونیورسٹی، مردان

باب اول

عربی تفاسیر قرآن کے اردو تراجم، موبائل فون ٹیکنالوجی اور اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا اجمالی تعارفی جائزہ

- فصل اول: تفسیر قرآن کی بنیادی اصطلاحات کا تعارفی جائزہ
- فصل دوم: عربی تفاسیر کے اردو تراجم کا جامع اشاریاتی جائزہ
- فصل سوم: موبائل فون ٹیکنالوجی اور اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، اہمیت اور اہم اصطلاحات

فصل اول: تفسیر قرآن کی بنیادی اصطلاحات کا تعارفی جائزہ

اس فصل میں عموماً ان تفسیری اصطلاحات کا تعارف پیش کیا گیا ہے جو اس مقالہ میں استعمال ہوئی ہیں۔

اسرائیلیات:

اسرائیلیات کی مختصر اور جامع تعریف ان الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔"هي مرويات أهل الكتاب من اليهود والنصارى۔"[1]

اسرائیلیات سے مراد وہ روایات ہیں جو یہود اور نصاریٰ سے منقول ہوں۔

تاویل:

تاویل باب تفعیل سے صیغہ مصدر ہے، جس کا اصل اَول ہے جو اٰلَ یَؤولُ سے مصدر کا صیغہ ہے، اس کے معنی رجوع کرنے یا لوٹنے کے ہیں۔ المفردات فی غریب القرآن میں ہے کہ:

التأويل من الأول، أي: الرجوع إلى الأصل، ومنه: المَوْئِلُ للموضع الذي يرجع إليه، وذلك هو ردّ الشيء إلى الغاية المرادة منه، علماً كان أو فعلاً[2]

تاویل لفظ اول سے مشتق ہے جس کے معنی اصل کی طرف رجوع کرنے کے ہیں، اور موئل اس جگہ کو کہا جاتا ہے جس کی طرف کوئی چیز لوٹ کر آئے۔ اس طرح تاویل سے مراد کسی چیز کو اس مقصد کی طرف لوٹانا ہے جو اس سے بلحاظ علم یا عمل مقصود ہو۔

تفسیر:

تفسیر کا اصل "ف، س، ر" ہے جس کے معنی اظہار و بیان کے ہیں۔ فسر کے معنی بے حجاب کرنے کے بھی ہیں اور تفسیر کرتے وقت گویا مشکل لفظ کے معنی اور مفہوم کو بے حجاب کیا جاتا ہے۔ جیسے کہ لسان العرب میں ہے:

الفَسْرُ: الْبَيَانُ. فَسَر الشيءَ يفسِرُه، بالكَسر، ويفْسُرُه، بِالضَّمِّ، فَسْراً وفَسَّرَهُ: أَبانه، والتَّفْسيرُ مِثْلُهُ الفَسْرُ: كَشْفُ المُغَطّى، والتَّفْسير كَشف المُراد عَنِ اللَّفْظِ المُشْكل[3]

تفسیر کا اصطلاحی مفہوم:

تفسیر کا اصطلاحی مفہوم البرھان فی علوم القرآن میں یوں بیان ہوا ہے:

---

[1] ابراہیم محمد الجرمی، **معجم علوم القرآن** (دمشق: دار القلم، طبع اول: 2001ء) ص: 45

[2] راغب اصفہانی حسین بن محمد، **المفردات فی غریب القرآن** (دمشق: دار القلم، طبع اول: 1412ھ) ص: 99

[3] ابن منظور جمال الدین الافریقی، **لسان العرب** (بیروت: دار صادر، طبع سوم: 1414ھ) ج: 5، ص: 55

التَّفْسِيرُ عِلْمٌ يُعْرَفُ بِهِ فَهْمُ كِتَابِ اللّٰهِ الْمُنَزَّلِ عَلَى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيَانُ مَعَانِيهِ وَاسْتِخْرَاجُ أَحْكَامِهِ وَحِكَمِهِ[1]

تفسیر ایسا علم ہے جس کے ذریعہ اللہ تعالی کی کتاب کا فہم حاصل ہوتا ہے، جو اس کے نبی حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوئی ہے، اس کے احکام کی وضاحت ہوتی ہے اور اس کے احکام اور حکمتیں معلوم کی جاتی ہیں۔

تاویل اور تفسیر میں فرق:

تاویل اور تفسیر کے مابین فرق بیان کرنے کے لیے متقدمین اور متاخرین نے کئی اقوال پیش کیے ہیں۔ تاہم مفسرین عموماً تاویل اور تفسیر کو ایک دوسرے کے مترادف سمجھتے ہیں۔ جب کہ بعض مفسرین کے مطابق روایات اور آثار کی روشنی میں قرآن کریم کی وضاحت اور تشریح کو تفسیر اور تدبر و درایت کے ذریعہ وضاحت اور تشریح کو تاویل کہتے ہیں۔[2]

مفتی تقی عثمانی صاحب نے علوم القرآن میں اس بحث کے دوران امام ابو عبیدہؒ کے حوالے سے لکھا ہے کہ یہ دونوں الفاظ بالکل مترادف ہیں اور پھر آگے کہتے ہیں کہ ابو عبیدہؒ کی رائے درست معلوم ہوتی ہے کہ یہ دونوں الفاظ استعمال کے لحاظ سے ایک جیسے ہیں اور ان میں کوئی حقیقی فرق نہیں ہے۔[3]

تفسیر بالرائے:

تفسیر بالرائے کے بارے میں صاحب التفسیر والمفسرون نے لکھا ہے کہ

يُطلق الرأي على الاعتقاد، وعلى الاجتهاد، وعلى القياس، ومنه: أصحاب الرأي: أي أصحاب القياس. والمراد بالرأي هنا "الاجتهاد" وعليه فالتفسير بالرأي، عبارة عن تفسير القرآن بالاجتهاد بعد معرفة المفسِّر لكلام العرب ومناحيهم في القول، ومعرفته للألفاظ العربية ووجوه دلالاتها، واستعانته في ذلك بالشعر الجاهلي ووقوفه على أسباب النزول، ومعرفته بالناسخ والمنسوخ من آيات القرآن، وغير ذلك من الأدوات التي يحتاج إليها المفسِّر[4]

رائے کا اطلاق اعتقاد، اجتہاد اور قیاس پر ہوتا ہے۔ اسی سے اصحاب الرائے ماخوذ ہے۔ یعنی یہاں رائے سے مراد اجتہاد ہے۔ اس مفہوم کے مطابق تفسیر بالرائے کے مفسر کو کلام عرب اور عربوں کے اسلوب بیان کی پہچان اور

---

[1] زرکشی ابو عبد اللہ بدر الدین محمد بن عبد اللہ، **البرھان فی علوم القرآن** (دار احیا الکتب العربیہ، طبع اول: 1957ء) ج: 1 ص: 13

[2] ڈاکٹر سراج الاسلام حنیف، **علوم القرآن** (مردان: دار القرآن والسنہ، طبع اول: 2015ء) ج: 1، ص 271، 272

[3] مفتی تقی عثمانی، **علوم القرآن** (کراچی: مکتبہ دار العلوم، طبع جدید: جون 2020ء) ص: 330

[4] ڈاکٹر الذھبی محمد حسین، **التفسیر والمفسرون** (قاہرہ: مکتبۃ وھبۃ، سن ندارد) ج: 1، ص: 183

عربی الفاظ کی معرفت اوران کے وجوہ دلالت سے آگاہی حاصل ہو گی۔ مفسر کے لیے جاہلی شعرا کے کلام سے استعانت اور اسباب النزول اور ناسخ منسوخ سے واقفیت حاصل کرنا بھی ضروری ہے۔ان کے علاوہ ان امور سے واقفیت حاصل کرنا بھی ضروری ہے جس کا جاننا ایک مفسر کے لیے لازمی ہوتا ہے۔

تفسیر بالرائے کی ایک مختصر تعریف ان الفاظ میں بھی بیان ہوئی:

هو تفسير القرآن بالاجتهاد[1]

تفسیر بالرائے سے مراد اجتہاد کے ذریعے قرآن مجید کی تفسیر کرنا ہے۔

تفسیر بالرائے کی اقسام: تفسیر بالرائے کی دو اقسام ہیں۔ تفسیر بالرائے محمود اور تفسیر بالرائے مذموم

تفسیر بالرائے محمود: تفسیر بالرائے محمود کو علمانے جائز قرار دیا ہے اور اس کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے:

وهو التفسير المستمد من القرآن ومن سنة الرسول صلى الله عليه وسلم وكان صاحبه عالمًا باللغة العربية وأساليبها، وبقواعد الشريعة وأصولها.[2]

تفسیر بالرائے محمود وہ تفسیر ہے جس میں قرآن اور سنت سے مدد لی جاتی ہے اور اس کا مفسر عربی زبان اور اس کے اسالیب اور شرعی قواعد اور اصول سے واقف ہو۔

تفسیر بالرائے مذموم: تفسیر بالرائے مذموم کو ناجائز اور حرام کہا گیا ہے۔اس کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے۔

هو التفسير بمجرد الرأي والهوى.وأكثر الذين فسروا القرآن بمجرد الرأي هم أهل الأهواء والبدع الذين اعتقدوا معتقدات باطلة ليس لها سند ولا دليل، ففسروا آيات القرآن بما يوافق آراءهم ومعتقداتهم الزائفة وحملوها على ذلك بمجرد الرأي والهوى.[3]

تفسیر بالرائے مذموم سے مراد محض عقل اور خواہش کی بنیاد پر تفسیر کرنا ہے۔جن لوگوں نے فقط رائے سے قرآن کی تفسیر کی ان میں اکثریت خواہشات کی پیروی کرنے والے اور بدعتی ہیں جو باطل عقائد رکھتے ہیں جن کی کوئی بنیاد اور دلیل نہیں ہوتی۔اس لیے انہوں نے قرآنی آیات کی تفسیر اپنے گمراہ آراء اور معتقدات کے موافق کی۔اس عمل پر ان کو عقل اور خواہش نے مجبور کیا۔

تفسیر بالماثور:

---

[1] فہد بن عبد الرحمن بن سلیمان رومی، **دراسات فی علوم القران الکریم** (ریاض: مولف، طبع پندرویں: 2007ء) ص:175

[2] نفسِ مصدر

[3] نفسِ مصدر، ص:176

التفسیر والمفسرون میں تفسیر بالماثور کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے:

ما هو التفسير المأثور؟ يشمل التفسير المأثور ما جاء في القرآن نفسه من البيان والتفصيل لبعض آياته، وما نُقل عن الرسول صلى الله عليه وسلم، وما نُقِل عن الصحابة رضوان الله عليهم، وما نُقِل عن التابعين، من كل ما هو بيان وتوضح لمراد الله تعالى من نصوص كتابه الكريم.

وإنما أدرجنا في التفسير المأوثر ما رُوِىَ عن التابعين وإن كان فيه خلاف: هل هو من قبيل المأثور أو من قبيل الرأى لأننا وجدنا كتب التفسير المأثور، كتفسير ابن جرير وغيره، لم تقتصر على ما ذِكُر ما رُوِىَ عن النبي صلى الله عليه وسلم وما رُوِىَ عن أصحابه، بل ضمت إلى ذلك ما نُقِل عن التابعين في التفسير.[1]

تفسیر بالماثور سے مراد قرآن مجید کی آیات کی تفسیر خود قرآن کی کسی آیت سے تفسیر کرنا ہے جس سے وضاحت اور تفصیل ملے، یا رسول اکرم ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں تفسیر کی جائے اور یا پھر حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین کے اقوال کی روشنی میں تفسیر کرنا ہے جس سے اللہ تعالی کے کلام کی وضاحت ہو جائے۔ تابعین سے منقول اثار کے بارے میں اختلاف ہے کہ یہ تفسیر بالرائے میں شمار ہوں گے یا تفسیر بالماثور میں۔ تفسیر ابن جریر اور بعض دیگر ماثور تفاسیر میں فقط رسول اللہ ﷺ کے اقوال اور صحابہؓ کے اقوال شامل نہیں کیے گئے بلکہ تابعین کے اقوال بھی شامل کیے گئے ہیں۔

تفسیر بالروایہ:

التبیان فی علوم القرآن میں تفسیر بالروایہ کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے۔

هو ما جاء في القرآن، أو السنة، أو كلام الصحابة، بيانا لمراد الله تعالى تفسير القرآن بالسنة النبوية، فالتفسير المأثور إما أن يكون تفسير القرآن بالقرآن، أو تفسير القرآن بالسنة النبوية أو تفسير القرآن بالمأثور عن الصحابة[2]

یعنی ایسی تفسیر جو قرآن یا سنت یا صحابہ کے کلام میں اللہ تعالی کی مراد کی وضاحت کے لیے ہو، یہ سنت نبویہ ﷺ سے قرآن کی تفسیر ہے۔ تفسیر بالماثور یا تو قرآن کی قرآن سے تفسیر ہو گی یا سنت نبویہ ﷺ سے قرآن کی تفسیر ہو گی یا پھر صحابہؓ سے منقول روایات سے قرآن کی تفسیر ہو گی۔

ادبی تفسیر:

[1] ڈاکٹر الذھبی محمد حسین، **التفسیر والمفسرون**، ج:1، ص:112

[2] الصابونی محمد علی، **التبیان فی علوم القرآن** (کراچی: مکتبۃ البشری، طبع جدید: 2011ء) ص:92

یہ تفسیر کی ایک نئی قسم ہے۔اس کے بارے میں آتا ہے کہ

التفسير الأدبي الاجتماعي: وهو لون جديد من ألوان التفسير ظهر في العصر الحديث، أراد به روادہ البعد عن المباحث التحليلية الدقيقة، والمصطلحات والتخصصات العميقة، التي ربما تقف حائلا دون هداية الناس إلى المراد من إنزال القرآن الكريم. فتناولوا بيان النص القرآني بطريقة تظهر مواضع دقته وبلاغته، بأسلوب شائق جذاب، ثم طبقوا ذلك النص على ما في الكون من نظم العمران، وسنن الاجتماع، بما يظهر للناس أن سعادتهم في الدنيا وفوزهم في الآخرة رهن العمل بهذا القرآن.[1]

یہ علم التفسیر کی ایک نئی قسم ہے جو عصر حاضر میں معرض وجود میں آئی۔ ان کے واضعین کا مقصد باریک تحلیلی مباحث اور گہری اصطلاحات اور تخصصات سے کنارہ کشی اختیار کرنا ہے جو بسا اوقات قرآن کریم کے نزول کے مقصد کی طرف لوگوں کی راہنمائی کرنے کے بجائے رکاوٹ بنتے ہیں۔اس لیے انہوں نے نص قرآنی کی ایسی دلچسپ اور پر کشش انداز میں تفسیر بیان کی جس سے اس کی دقت اور بلاغت واضح ہو جاتی ہے۔اور پھر زندگی میں ان کی تطبیقی صورتیں اور اجتماعی طرق بیان کیے جس سے عوام الناس کو یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ ان کی دنیاوی سعادت اور اخروی کامیابی اس قرآن پر عمل کرنے کی مرہون منت ہے۔

اشاری تفسیر:

مباحث فی علوم القرآن میں تفسیر اشاری کی تعریف یوں کی گئی ہے:

التفسير الإشاري: ومن هؤلاء المتصوفة من يدّعي أن الرياضة الروحية التي يأخذ بها الصوفي نفسه تصل إلى درجة ينكشف له فيها ما وراء العبارات القرآنية من إشارات قدسية، وتنهل على قلبه من سُحب الغيب ما تحمله الآيات من المعارف السبحانية۔[2]

تفسیر اشاری سے مراد اہل تصوف کی تفاسیر ہیں جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ صوفیا اپنے آپ کو روحانی ریاضت سے گزارتے ہیں جس کے نتیجے میں وہ ایسے درجے تک پہنچتے ہیں کہ ان پر قدرت کی طرف سے اشاروں کا انکشاف ہوتا ہے جو قرآنی نص کے ماوراء ہوں اور غیب کے بادلوں سے ان کے دل پر آیات قرآنیہ میں (باطنی طور پر) پائے جانے والے علوم قدسیہ کی بارش برستی ہے۔

التبیان فی اَیمان القرآن میں ہے کہ

---

[1] مجموعة من الأساتذة والعلماء المختصصين، **الموسوعة القرآنية المختصة** (مصر: المجلس الاعلی للشئون الاسلامیہ، طبع:2002ء)ص:286

[2] مناع بن خلیل القطان، **مباحث فی علوم القرآن** (ریاض: مکتبہ المعارف للنشر والتوزیع، طبع دوم:1996ء)ص:367،368

وتفسير الناس يدور على ثلاثة أصول:

تفسير على اللفظ، وهو الذي ينحو إليه المتأخرون۔

وتفسير على المعنى، وهو الذي يذكره السلف۔

وتفسير على الإشارة والقياس، وهو الذي ينحو إليه كثير من الصوفية وغيرهم، وهذا لا بأس به بأربعة شروط

1 ألّا يناقض معنى الآية.

2 وأن يكون معنًى صحيحًا في نفسه.

3 وأن يكون في اللفظ إشعار به.

4 وأن يكون بينه وبين معنى الآية ارتباط وتلازم۔

فإذا اجتمعت هذه الأمور الأربعة كان استنباطًا حسنًا[1]

لوگوں کی تفسیر کا دارومدار تین اصولوں پر ہے۔
تفسیر علی اللفظ: متاخرین اس کی طرف مائل ہیں۔
تفسیر علی المعنی: سلف نے اسی کو ذکر کیا ہے۔
تفسیر علی الاشارہ والقیاس: اس کو اکثر صوفیاء وغیرہ نے پسند کیا ہے۔
اگر اس قسم کی تفسیر میں چار شرائط موجود ہوں تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔
ایسی تفسیر آیت کے معنی کے مخالف نہ ہو، آیت کے معنی فی النفسہ درست ہوں، آیت میں کوئی ایسی علامت موجود ہو اور اشاری مفہوم اور اور آیت کے معنی میں باہم ربط پایا جائے۔
جب یہ چار شرائط موجود ہوں تو پھر ایسا استنباط حسن ہے۔

تاریخی تفسیر:

قرآن مجید میں انبیائے سابقین علیہم السلام اور بزرگوں کے جو قصے مذکور ہیں، ان کی تفصیل اور مزید حالات پر مبنی تفاسیر کو تاریخی تفاسیر کہتے ہیں۔[2]

---

[1] ابن القیم الجوزیہ ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب، **التبیان فی أیمان القرآن**(مکہ مکرمہ: دار عالم الفوائد، طبع اول:1429ھ) ج:1، ص:124

[2] پروفیسر غلام احمد حریری، **تاریخ تفسیر ومفسرین**(فیصل آباد: ملک سنز، طبع:2011ء) ص:37

سائنسی تفسیر:

التفسیر العلمی یعنی سائنسی تفسیر کی تعریف "التفسیر والمفسرون" میں درجہ ذیل الفاظ میں بیان کی گئی ہے:

التفسیر الذی یحکم الاصطلاحات العلمیة فی عبارات القرآن، و یجتھد فی استخراج مختلف العلوم والآراء الفلسفیة منھا۔[1]

سائنسی تفسیر سے مراد ایسے انداز میں قرآن مجید کی تفسیر ہے جس میں سائنسی اصطلاحات کا استعمال کیا جاتا ہے اور قرآن مجید کی آیات سے مختلف علوم اور فلسفیانہ آراء کے استنباط کی کوشش کی جاتی ہے۔

سائنسی تفسیر کی ایک دوسری مختصر اور جامع تعریف درجہ ذیل الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔

سائنسی تفسیر سے مراد یہ ہے کہ قرآن کی آیاتِ کائنات کی تفسیر سائنسی معلومات کی روشنی میں کی جائے، خواہ وہ صحیح ہو یا غلط۔[2]

فقہی تفسیر:

فقہی تفسیر کی مختصر اور جامع تعریف درجہ ذیل الفاظ میں کی گئی ہے۔

التفسير الفقهي هو التفسير الذي يعنى فيه بدراسة آيات الأحكام وبيان كيفية استنباط الأحكام منها.[3]

فقہی تفسیر سے مراد ایسی تفسیر ہے جو آیات احکام اور ان سے مسائل کے استنباط کے طریقوں کے متعلق ہو۔

کلامی تفسیر:

کلامی تفسیر میں ان آیات پر بحث کی جاتی ہے جن سے عقائد کے مسائل مستنبط ہوتے ہیں۔[4]

لغوی تفسیر:

لغوی تفسیر کی مختصر اور جامع تعریف اور اس کو اختیار کرنے کی وجہ درجہ ذیل الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔

---

[1] ڈاکٹر الذھبی محمد حسین، **التفسیر والمفسرون**، ج:2، ص:349

[2] https://urdu-daira-maarif-e-quran.blogspot.com/2018/01/blog-post_20.html

تاریخ رسائی 24 مئی 2022ء

[3] نورالدین محمد عترالحلبی، **علوم القرآن الکریم** (دمشق: مطبعۃ الصباح، طبع اول: 1993) ص:103

[4] پروفیسر غلام احمد حریری، **تاریخ تفسیر و مفسرین**، ص:37

المقصود به تفسير القرآن بلغة العرب، وسبب اعتبار هذا طريقاً من طرق التفسير هو: نزول القرآن بلغتها، واعتماده أساليبها في الخطاب.[1]

یعنی اس سے مراد لغت عرب کی مدد سے قرآن کی تفسیر ہے۔ اس طریقے کو اختیار کرنے کی وجہ یہ ہے کہ قرآن مجید اسی زبان میں نازل ہوا ہے اور اس زبان کے اسلوب کو بیان میں اختیار کرنا ہے۔

نحوی تفسیر:

جس تفسیر میں قرآن مجید کے نحوی مسائل سے بحث کی جاتی ہے اس کو نحوی تفسیر کہا جاتا ہے۔[2]

---

[1] مساعد بن سلیمان الطیار، **فصول فی اصول التفسیر** (ریاض: دار النشر الدولی، طبع اول: 1993ء) ص: 41

[2] پروفیسر غلام احمد حریری، **تاریخ تفسیر و مفسرین**، ص: 37

فصل دوم: عربی تفاسیر کے اردو تراجم کا جامع اشاریاتی جائزہ

قرآن مجید اللہ تعالی کی آخری کتاب ہے جسے اللہ تعالی نے اپنے آخری رسول حضرت محمد ﷺ پر نازل فرمائی۔ آپ ﷺ کے بعد اب کوئی نبی اور رسول اس دنیا میں نہیں آئے گا۔ اس بات کی تائید متعدد آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ سے ہوتی ہے۔ بطور نمونہ چند آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ ذیل میں درج کی گئی ہیں۔

''قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِۨالَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ وَ اتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ''[1]

ترجمہ: (اے رسول ان سے) کہو کہ: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں جس کے قبضے میں تمام آسمانوں اور زمین کی سلطنت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ وہی زندگی اور موت دیتا ہے۔ اب تم اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ جو نبی امی ہے، اور جو اللہ پر اور اس کے کلمات پر ایمان رکھتا ہے، اور اس کی پیروی کرو تاکہ تمہیں ہدایت حاصل ہو۔

''اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ''[2]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ یہ ذکر (یعنی قرآن) ہم نے ہی اتارا ہے، اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

''وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ''[3]

ترجمہ: اور (اے پیغمبر ﷺ) ہم نے تمہیں سارے جہانوں کے لیے رحمت ہی رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

''مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَ لٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا''[4]

ترجمہ: (مسلمانو!) محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں، اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں، اور اللہ ہر بات کو خوب جاننے والا ہے۔

''وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ''[5]

---

[1] سورۃ الاعراف 158:7

[2] سورۃ الحجر 9:15

[3] سورۃ الانبیاء 107:21

[4] سورۃ الاحزاب 40:33

[5] سورۃ سباء 28:34

ترجمہ: اور (اے پیغمبر) ہم نے تمہیں سارے ہی انسانوں کے لیے ایسا رسول بنا کر بھیجا ہے جو خوشخبری بھی سنائے اور خبر دار بھی کرے، لیکن اکثر لوگ سمجھ نہیں رہے ہیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ مَثَلِي وَمَثَلَ الأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بَيْتًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ بِهِ وَيَعْجَبُونَ لَهُ وَيَقُولُونَ هَلَّا وُضِعَتْ هَذِهِ اللَّبِنَةُ، قَالَ: فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتِمُ النَّبِيِّينَ۔[1]

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری اور مجھ سے پہلے کے تمام انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے ایک گھر بنایا اور اس میں ہر طرح کی زینت پیدا کی لیکن ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوٹ گئی۔ اب تمام لوگ آتے ہیں اور مکان کو چاروں طرف سے گھوم کر دیکھتے ہیں اور تعجب میں پڑ جاتے ہیں لیکن یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ یہاں پر ایک اینٹ کیوں نہ رکھی گئی؟ تو میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔"

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِي خَمْسَةُ أَسْمَاءٍ أَنَا مُحَمَّدٌ وَأَحْمَدُ وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللَّهُ بِي الْكُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي وَأَنَا الْعَاقِبُ۔[2]

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے پانچ نام ہیں۔ میں محمد، احمد اور ماحی (یعنی مٹانے والا) ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائے گا اور میں حاشر (جمع کرنے والا) ہوں کہ تمام انسانوں کا قیامت کے دن میرے بعد حشر ہو گا اور میں عاقب (یعنی خاتم النبیین) ہوں۔"

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُضِّلْتُ عَلَى الأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَجُعِلَتْ لِيَ الأَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا أُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّونَ"[3]

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے چھ وجوہ سے انبیاء کرام علیہ السلام پر فضیلت دی گئی ہے مجھے جوامع الکلم عطا فرمائے گئے، رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی، میرے لیے مال غنیمت کو حلال کر دیا گیا اور میرے لیے تمام روئے

---

[1] بخاری محمد بن اسماعیل، **الجامع المسند الصحیح المختصر من أمور رسول اللہ ﷺ وسننہ وأیامہ** (دار طوق النجاۃ، طبع اول: 1422ھ) کتاب: المناقب، باب: خاتم النبیین ﷺ، حدیث نمبر: 3535

[2] نفس مصدر، باب: ماجاء فی أسماء رسول اللہ ﷺ، حدیث: 3532

[3] مسلم بن حجاج نیشاپوری، **المسند الصحیح المختصر بنقل العدل عن العدل الی رسول اللہ ﷺ** (بیروت: دار إحیاء التراث العربی، سن ندارد) کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، حدیث: 523

زمین پاک کرنے والی اور نماز کی جگہ بنادی گئی اور مجھے تمام مخلوق کی طرف بھیجا گیا اور مجھ پر نبوت ختم کر دی گئی۔ (یعنی میں خاتم الانبیاء ہوں)"

مندرجہ بالا تمام آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اب نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ کوئی کتاب نازل ہو گی۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو قیامت تک آنے والے لوگوں کے لیے ہدایت اور راہنمائی کا ذریعہ بنایا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ عرب میں پیدا ہوئے اور اسلام کی ابتداء عرب کے معاشرے سے ہوئی، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآن مجید عربی زبان میں نازل فرمائی۔ عربی زبان کے علاوہ دوسری زبانوں میں بھی قرآن مجید کی بے شمار تفاسیر لکھی گئی ہیں اور ان شاء اللہ قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا، لیکن سب سے زیادہ مستند تفاسیر عربی زبان ہی میں موجود ہیں۔ عربی سے واقفیت نہ رکھنے والے لوگ چونکہ عربی کی تفاسیر سے استفادہ حاصل کرنے سے محروم تھے اس لیے عربی تفاسیر کا ترجمہ دیگر زبانوں کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی ہوا۔ جن تفاسیر کا اردو میں ترجمہ ہو چکا ہے ان کی فہرست درجہ ذیل ہے۔

تفسیر ابن عباسؓ اردو[1]

تفسیر ابن عباسؓ (اردو)[2]

تفسیر ابن عباس[3]

تفسیر ابن عباس[4]

تفسیر ابن عربی[5]

تفسیر ابن جریر (اردو)[6]

---

[1] تفسیر ابن عباس کے اس ترجمہ کے مترجم مولانا عابد الرحمن صدیقی کاندھلوی ہیں۔ اسے کلام کمپنی کراچی نے شائع کیا ہے۔

[2] تفسیر ابن عباسؓ کے اس ترجمہ کے مترجم کا نام مولانا عزیز الرحمن (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور) ہے۔ اس ترجمہ کو مکتبۃ العلم (لاہور) نے شائع کیا ہے۔

[3] تفسیر ابن عباسؓ کا یہ ترجمہ پروفیسر حافظ محمد سعید احمد نے کیا ہے جو بالاکوٹ (پاکستان) کا رہنے والا ہے۔

https://darululoom-deoband.com/urduarticles/archives/1407

تاریخ رسائی: 2 دسمبر 2021ء

[4] اس کے مترجم کا نام مولانا شاہ محمد عبد المقتدر قادری بدایونی ہے اور اسے فرید بک سٹال لاہور نے شائع کیا ہے۔

[5] یہ تفسیر ابن عربی کا اردو ترجمہ ہے جو چشتی کتب خانہ فیصل آباد سے شائع ہوا ہے۔ اس کے مترجم علامہ صائم چشتی ہیں۔

[6] تفسیر ابن جریر کا یہ اردو ترجمہ مولانا ظہور الباری اعظمی نے کیا ہے۔ یہ ایک پرانا نسخہ ہے اور اسے البیت الحکمت (دیوبند) نے شائع کیا ہے۔

تفسیر ابن کثیر اردو[1]

تفسیر ابن کثیر اردو[2]

تفسیر ابن کثیر اردو[3]

تفسیر ابن کثیر[4]

تفسیر ابن کثیر[5]

ترجمہ تفسیر ابن کثیر[6]

ترجمہ تفسیر ابن کثیر[7]

تقریر شاہی[8]

تفسیر السراج المنیر تلخیص تفسیر ابن کثیر[9]

الفتح الربانی شرح اردو تفسیر بیضاوی[10]

الفضل الکبیر ترجمہ تفسیر ابن کثیر[11]

---

[1] تفسیر ابن کثیر کا یہ ترجمہ مولانا عبد البصیر نے کیا ہے لیکن اس کے ناشر کے بارے میں معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

[2] تفسیر ابن کثیر کا یہ ترجمہ قاری محمد طیب رمزی کے زیر اہتمام مسعود پبلشنگ ہاؤس دیوبند (یوپی) سے شائع ہوا ہے۔

[3] تفسیر ابن کثیر کا یہ ترجمہ کارخانہ تجارت کتب کراچی نے شائع کیا ہے لیکن اس کے مترجم کے بارے میں کوئی معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

[4] اس کا ترجمہ مولانا محمد جوناگڑھی نے کیا ہے اور تخریج کامران طاہر نے کی ہے۔ تفسیر ابن کثیر کا یہ ترجمہ مکتبہ اسلامیہ لاہور سے پانچ جلدوں میں شائع ہوا۔

[5] تفسیر ابن کثیر کا ایک ترجمہ مکتبہ قدوسیہ لاہور نے شائع کیا ہے تاہم اس کے مترجم کے بارے میں معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

[6] تفسیر ابن کثیر کا یہ ترجمہ اعتقاد پبلشنگ ہاؤس نئی دہلی سے پانچ جلدوں میں شائع ہوا ہے لیکن اس کے مترجم کے متعلق معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

[7] تفسیر ابن کثیر کا یہ ترجمہ مکتبہ فیض القرآن سے پانچ جلدوں میں شائع ہوا۔ اس کے مترجم کا نام مولانا انظر شاہ کشمیریؒ ہے۔

[8] اس شرح میں مولانا انظر شاہ کشمیریؒ کے درسی افادات کو جمع کیا گیا ہے اور یہ شرح صرف سورہ فاتحہ کی تفسیر پر مشتمل ہے۔ یہ شرح فی الحال نایاب ہے۔

[9] یہ ابن کثیر کی اردو زبان میں تلخیص و ترجمہ ہے۔ اس کے مترجم ابو الاشال احمد شاغف ہے۔ یہ المکتبۃ السلفیہ لاہور سے شائع ہوا۔ تفسیر السراج المنیر دراصل تفسیر ابن کثیر کے ایک ترجمے (الفضل الکبیر) کی تلخیص و تہذیب ہے۔

[10] تفسیر بیضاوی کی یہ شرح مکتبۃ الارشد کوئٹہ سے شائع ہوئی ہے لیکن اس کے شارح کے بارے میں علم نہ ہو سکا۔

[11] اس کے مترجم کا نام مولانا محمد داود راغب رحمانی ہے۔ ناشر کے بارے میں معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

تفسیر القرآن[1]

التقریر الحاوی[2]

احکام القرآن (اردو)[3]

تفسیر الخازن[4]

اغراض جلالین اردو شرح تفسیر جلالین[5]

تفسیر السعدی[6]

المصباح المنیر تہذیب و تحقیق تفسیر ابن کثیر (اردو)[7]

النظر الحاوی فی حل تفسیر البیضاوی[8]

تفسیر بغوی (اردو) ترجمہ[9]

تفسیر بیضاوی اردو[10]

تسہیل الجلالین (شرح اردو جلالین)[11]

---

[1] یہ علامہ علی بن احمد المہائمی کی تفسیر تبصیر الرحمن و تیسیر المنان بعض مایشیر الی اعجاز القرآن کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کے مترجم علامہ حبیب البشر خیری ہے۔ اس ترجمے کا ناشر کیپٹن عبد الستار احمد پاگر کر ہے۔

[2] یہ تفسیر بیضاوی کی شرح ہے لیکن اس کی حیثیت مستقل شرح کی نہیں ہے۔ دراصل یہ دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین مولانا سید فخر الحسنؒ کے درسی افادات ہیں۔ یہ شرح مکتبہ فخریہ دیوبند سے شائع ہوئی ہے۔

[3] علامہ ابو بکر احمد بن علی الرازی الجصاص کی تفسیر کا اردو ترجمہ ہے جس کے مترجم کا نام مولانا عبد القیوم ہے۔ یہ ترجمہ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کی شریعہ اکیڈمی کے زیر اہتمام شائع ہوا ہے۔

[4] یہ تفسیر الخازن کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کے مترجم کا نام مولانا حافظ محمد اسماعیل حسین ہے۔ اس کی اشاعت فرید بک سٹال لاہور سے ہوئی ہے۔

[5] اس کے شارح کا نام مولانا ظفر القادری عطاری ہے اور یہ شرح ظفر ملت لاہور نے شائع کی ہے۔

[6] تفسیر السعدی کے اس اردو ترجمہ کے مترجم طیب شاہین لودھی ہیں۔ اسے دارالسلام لاہور نے شائع کیا ہے۔

[7] ابن کثیر کی یہ اردو شرح مولانا محمد خالد سیف نے لکھی ہے اور ناشر دارالسلام ہے۔

[8] یہ مولانا منظور الحق کے درسی افادات پر مشتمل سورہ فاتحہ کی تقریر بیضاوی ہے۔ اس کی ضبط و ترتیب ابو الاحتشام مولانا سراج الحق نے کی ہے۔ اس کی اشاعت مکتبۃ دارالعلوم (خانیوال) سے ہوئی ہے۔

[9] تفسیر بغوی کا یہ اردو ترجمہ اشرفیہ مجلس علم و تحقیق کی زیر نگرانی میں ادارہ تالیفات اشرفیہ نے شائع کیا ہے۔

[10] یہ ترجمہ دراصل مولانا فضل داد کے افادات ہیں جسے مولانا عبید اللہ چینوٹی نے پیش کیا۔

[11] اس کے مولف کا نام اعجاز احمد اعظمی ہے۔ یہ شرح مکتبۃ ضیاء الکتب (یوپی) سے شائع ہوئی ہے۔

تفسیر جلالین (اردو)[1]

جمالین شرح جلالین[2]

جمالین فی شرح جلالین[3]

جواہر عزیزی اردو ترجمہ تفسیر عزیزی[4]

تفسیر در منثور (مترجم)[5]

سراجِ منیر ترجمہ تفسیر کبیر[6]

سفر صغیر ترجمہ تفسیر کبیر[7]

شرح تفسیر البیضاوی[8]

ترجمہ تفسیر طنطاوی[9]

عطائین اردو شرح تفسیر جلالین[10]

فتح القدیر[11]

فضل قدیر ترجمہ تفسیر کبیر[12]

---

[1] تفسیر جلالین کے اس اردو ترجمے کا جمع و تدوین محمد عظیم الدین اور اعجاز عبید نے کی ہے۔ تاہم ناشر اور اصل مترجم کے متعلق معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

[2] جلالین کی یہ شرح مولانا محمد جمال (استاذ فقہ و تفسیر دیوبند) نے لکھی ہے۔ مولانا موصوف نے اپنے درسی افادات کو چھ جلدوں میں مرتب کرکے یہ شرح جمالین کے نام سے مکتبہ جمال سے شائع کروائی۔

[3] یہ بھی مولانا محمد جمال کی لکھی ہوئی شرح ہے اور یہ زمزم پبلشر کراچی نے شائع کی ہے۔

[4] اس کے مترجم مولانا سید محفوظ الحق شاہ قادری ہیں۔ اسے نوریہ رضویہ پبلی کیشنز نے شائع کیا ہے۔

[5] اس کے مترجم پیر کرم شاہ الازہری ہے۔ اسے ادبی دنیا (غالباد ہلی) نے شائع کیا ہے۔

[6] یہ ترجمہ مولانا خلیل احمد ابن سراج احمد نے کیا ہے۔ یہ ترجمہ مطبع شمس الاسلام سے ۱۹۰۰ء بمطابق ۱۳۱۷ھ میں شائع ہوا۔

[7] اس کے مترجم کا نام محمد اسحق دہلوی ہے۔ یہ ترجمہ مصلح المطابع دہلی سے شائع ہوا ہے۔

[8] اس کے مترجم و شارح کا نام محمد رضوان رضا قادری ہے۔ یہ شرح اکبر بک سیلرز لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

[9] یہ ترجمہ مولانا انظر شاہ کشمیریؒ نے شروع کیا تھا لیکن یہ مکمل نہ ہو سکا اور اب نایاب ہے۔

[10] اس کے مترجم مفتی محمد امتیاز قادری ہیں اور اسے ادارہ فیضانِ رضا کراچی نے شائع کیا ہے۔

[11] اس کے مترجم کا نام حافظ محمد اسلم شاہد ولی ہے۔ ناشر کے متعلق کچھ معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

[12] اس کے مترجم مولانا محمد خان قادری ہیں۔ ناشر کے بارے میں کچھ معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

تفسیر فی ظلال القرآن[1]

تفسیر فی ظلال القرآن[2]

فی ظلال القرآن[3]

فیض الامامین شرح جلالین[4]

فیوض الرحمن اردو ترجمہ تفسیر روح البیان[5]

تفسیر قرطبی[6]

تفسیر قرطبی (مترجم)[7]

تفسیر کبیر کامل اردو[8]

ترجمہ تفسیر کبیر[9]

کمالین شرح جلالین[10]

کنز الدارین فی حل تفسیر الجلالین[11]

---

[1] سید قطب شہید کی اس تفسیر کا ایک ترجمہ ساجد الرحمن صدیقی نے کیا ہے جو کہ ایک نامکمل تفسیر ہے۔ اس کا دوسرا ترجمہ معروف شیرازی نے کیا ہے جس کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔

[2] اس کے مترجم سید حامد علی ہیں۔ تفسیر فی ظلال القرآن کا یہ ترجمہ البر پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوا ہے۔

[3] اس کے مترجم معروف شاہ شیرازی ہیں۔ اسے ادارہ منشورات اسلامی لاہور نے شائع کیا ہے۔

[4] جلالین کی یہ شرح مظاہر علوم سہارن پور کے شیخ الحدیث مولانا محمد عثمان غنیؒ نے لکھی ہے۔ اس کی اشاعت چھ جلدوں میں مکتبہ فیض القرآن دیوبند سے ہوئی۔

[5] اس کے مترجم مفتی محمد فیض احمد اویسی رضوی ہیں۔ یہ ترجمہ مکتبۃ اویسیہ رضویہ بہاولپور سے شائع ہوا ہے۔

[6] اس کے مترجمین میں مولانا ملک محمد بوستان، مولانا سید محمد اقبال شاہ گیلانی، مولانا محمد انور اور مولانا شوکت چشتی شامل ہیں۔ اسے ضیا القرآن پبلی کیشنز (پاکستان) نے شائع کیا ہے۔

[7] اس کے مترجم پیر کرم شاہ الازہری ہیں اور اسے ادبی دنیا نے شائع کیا ہے۔

[8] یہ ایک پرانا نسخہ ہے۔ اس کے مترجم مولوی حاجی محمد یوسف حسین ہیں۔ یہ ترجمہ کرزن اسٹیم پریس دہلی سے شائع ہوا ہے۔

[9] یہ تفسیر کبیر کا ایک قدیم ترجمہ ہے جو مولانا مرزا حیرتؒ کی نگرانی میں مطبع کرزن پریس دھلی سے شائع ہوا تھا۔

[10] تفسیر جلالین کی یہ شرح مولانا محمد نعیم دیوبندیؒ نے لکھی ہے۔ اس کی اشاعت مکتبہ تھانوی دیوبند سے ہوئی تھی۔ جنوری ۲۰۰۸ء میں دارالاشاعت کراچی سے چھ جلدوں میں اس کی اشاعت ہوئی۔

[11] اس کے مترجم مفتی محمد شاہد علی مصباحی ہیں۔ یہ ترجمہ المرکز الاسلامی دار الفکر (یوپی) سے شائع ہوا ہے۔

مقبولین اردو شرح جلالین[1]

ترجمہ تفسیر مدارک التنزیل[2]

تفسیر مدارک اردو[3]

تفسیر مدارک (اردو)[4]

تفسیر مدارک التنزیل وحقائق التاویل[5]

تفسیر مصاحبین ترجمہ وشرح تفسیر جلالین[6]

ترجمہ مظہری[7]

ترجمہ مظہری[8]

اس کے بعد نیچے Filter Surah List by Number or Name کی سہولت دی گئی ہے جس کے ذریعے کسی سورت کا نمبر، مکمل نام یا کوئی حرف لکھ کر اس سورت کو تلاش کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً القدر لکھا جائے تو صرف سورۃ القدر نظر آ جائے گی اور "د" لکھا جائے تو ہر وہ سورت جس میں حرف "د" استعمال ہوا ہے، نظر آ جائے گی۔

اس کے بعد نیچے سورتوں کے نام، آیات کی تعداد اور سورت کی مکی یا مدنی ہونے کی وضاحت دی گئی ہے۔

کوئی سورت کھولنے پر ٹائٹل بار پر تیر کا آئیکون نظر آ جاتا ہے جس پر کلک کر کے اسی سورت کی کوئی آیت نمبر سے تلاش کی جا سکتی ہے۔

تیر کے آئیکون کے دائیں جانب قرآن کا آئیکون ہے جسے کلک کرنے سے سورت ترجمہ اور تفسیر کے بغیر نظر آ جاتی ہے۔

قرآن کے آئیکون کے دائیں جانب ایک آئیکون ہے جس کے ذریعے قرآن، قران و ترجمہ اور قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں سے کسی ایک کو منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اس آئیکون کے دائیں جانب میڈیا بٹن ہے جس کے ذریعے کسی سورت کی تلاوت اپنے پسندیدہ قاری کی آواز میں سنی جا سکتی ہے۔

میڈیا بٹن کے دائیں جانب تین عمودی نقطے ہیں جس پر کلک کرنے کے بعد مختلف سہولیات دی گئی ہیں۔ جن میں سب سے پہلے ڈاؤن لوڈ لکھا ہوتا ہے۔ ڈاؤن لوڈ پر کلک کر کے تلاوت کی آڈیو ڈاؤن لوڈ اور ڈیلیٹ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

ڈاؤن لوڈ کے نیچے Quick Settings کا آپشن ہے۔

Quick Settings کے بعد Jump to Ruku کا آپشن ہے جس کے ذریعہ سورت کے کسی رکوع کو نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

Jump to Ruku کے بعد Translation Mode کا آپشن ہے جس پر کلک کرنے سے سکرین پر سورت کا صرف ترجمہ رہ جاتا۔

Translation Mode کے بعد Share Multiple Ayat کا آپشن ہے جس کے ذریعے سورت کے کئی آیات اور ان کا ترجمہ ایک ساتھ شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

Share Multiple Ayat کے بعد Surah Notes, Tajweed Rules اور Next Surah کا آپشن ہے۔

کسی آیت پر کلک کرنے سے اس آیت اور اس کا ترجمہ اور تفسیر کاپی کرنے، شیئر کرنے اور اس آیت کے تحت نوٹس شامل کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بھی چند مفید سہولیات دی گئی ہیں۔ مثلاً مشکل الفاظ کی نشان دہی کرنا اور کسی آیت کو BookMark میں محفوظ کرنا۔

سافٹ ویئر کھولنے کے بعد سکرین کے نچلے حصے پر Manual Last Read اور Auto Last Read کا آپشن ہے۔ اور اس کے نیچے Collections, Parah, Quran, Mushaf, Bookmarks کے آپشن دیے گئے ہیں۔

Collections اور Bookmarks میں ہر وہ آیت، ترجمہ اور تفسیر موجود ہوتی ہے جس کو دوران مطالعہ استعمال کنندگان کسی خاص ضرورت کے پیشِ نظر محفوظ کرتے ہیں۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.atq.quranemajeedapp.org.tik

Tafsir Ibn Kaseer Urdu (4)

تفسیر کا نام: تفسیر القرآن العظیم (تفسیر ابن کثیر)

مفسر کا نام: ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیر

مترجم/شارح کا نام: ندارد

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 27-12-2020

تعارف: یہ ایپلی کیشن ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیر کی تفسیر ابن کثیر کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ تفسیر ابن کثیر کے اس ترجمہ کے مترجم کے متعلق کچھ معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ یہ ایپلی کیشن ایمیجنری ٹِک (ImaginaryTech)[1] نے بنائی ہے۔ یہ ایپلی کیشن دسمبر 2020ء کو ڈاون لوڈ کی گئی تھی اور اس کے متعلق بعض بنیادی معلومات حاصل کی گئی تھیں لیکن اب یہ ایپلی کیشن نامعلوم وجوہات کی بنا پر پلے سٹور سے غائب ہے۔[2]

خصوصیات:

یہ ایپلی کیشن پلے سٹور سے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کی جاتی تھی۔

اس کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں تھی۔

تسامحات:

مفسر کے بارے میں کسی قسم کی معلومات فراہم نہیں کی گئی تھیں۔

مترجم کا نام ذکر نہیں کیا گیا تھا۔

قرآن کریم کے الفاظ دیے گئے تھے اور نہ ہی ترجمہ، فقط تفسیر دیا گیا تھا۔

سرچ کا آپشن دیا گیا تھا لیکن کوئی لفظ تلاش کرنے پر مکمل پیرگراف دیا جاتا تھا جسے پڑھ کر مطلوبہ لفظ ڈھونڈنا ہوتا۔

اس ایپلی کیشن میں اشتہارات بہت کثرت سے سامنے آتے تھے۔

---

[1] 9 مارچ 2022 تک پلے سٹور پر ایمجنری ٹِک کی 18 ایپلی کیشنز اَپ لوڈ ہو چکی ہیں۔

[2] اس ایپلی کیشن کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے اس ایپلی کیشن کے بنانے والے کو ای میل کی گئی ہے تاہم فی الحال کوئی جواب نہیں دیا دگیا۔

طریقہ استعمال:

اس ایپلی کیشن کو انسٹال کرنے کے بعد جب ایپلی کیشن کو کھولا جاتا تو سورتوں کی فہرست کھل جاتی۔ ہر سورت کے نام پر کلک کرنے کے بعد ڈاون لوڈ کا آپشن ہوتا تھا جہاں سے مطلوبہ سورت کی تفسیر بھی ڈاون لوڈ کی جاسکتی تھی اور ایک ساتھ تمام سورتوں کی تفسیر بھی۔

ٹائٹل بار پر سرچ کا آئیکون دیا گیا تھا جس کے ذریعے آپ تفسیر میں استعمال کسی لفظ کو سرچ کرتے تو نتیجہ میں آپ کو ہر وہ پیرگراف نظر آتا جس میں مطلوبہ لفظ شامل ہوتا۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.ImaginaryTech.TafsirIbnKaseerUrdu[1]

[1] فی الحال پلے سٹور پر اس ایپلی کیشن تک رسائی ممکن نہیں ہے۔

Tafsir Ibn Kaseer[1] (5)

تفسیر کا نام: تفسیر القرآن العظیم (تفسیر ابن کثیر)

مفسر کا نام: ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیر

مترجم / شارح کا نام: مولانا محمد جونا گڑھی

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 09-03-2022

اپیلی کیشن کا سائز: 40 ایم بی[2]

ورژن: 1.26

ریٹنگ: ☆4.5

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: دس ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ اپیلی کیشن ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ کی تفسیر ابن کثیر کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ تفسیر ابن کثیر کے اس ترجمہ کے مترجم کا نام مولانا محمد جونا گڑھی ہے۔ یہ اپیلی کیشن پی ڈی ایف کتاب سے بنائی گئی ہے۔ یہ اپیلی کیشن پنجتن لائبریری (5tan Library)[3] نے بنائی ہے۔ یہ اپیلی کیشن پہلی بار 23 مئی 2017ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 15 فروری 2022ء کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ اپیلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

اس کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

صفحہ کو زوم کیا جا سکتا ہے۔

ٹیکسٹ کلر کو تبدیل کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

---

[1] اپیلی کیشن ڈاون لوڈ کرنے کے بعد موبائل میں اس نام سے ظاہر ہوتی ہے البتہ ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس اپیلی کیشن کو پلے سٹور میں Tafseer Ibn Kaseer لکھ کر بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] پلے سٹور پر اس اپیلی کیشن کا سائز 40 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ اپیلی کیشن 64 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

[3] پلے سٹور پر پنجتن لائبریری کی تقریباً 100 اپیلی کیشنز موجود ہیں۔ یہ اپیلی کیشنز عام طور سے فقہ جعفریہ والوں (شیعہ مسلک) کے لیے بنائی گئی ہیں۔
پنجتن لائبریری کی ای میل آئی ڈی glowingapps@gmail.com ہے۔

اس ایپلی کیشن کاڈاون لوڈ لنک شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

تسامحات:

اس ایپلی کیشن کا ڈیٹایونی کوڈ ٹیکسٹ ڈیٹا پر مشتمل نہیں ہے، بلکہ کتاب کے صفحات کی تصاویر اَپ لوڈ کی گئی ہیں۔

اس ایپلی کیشن میں کوئی لفظ تلاش کرنے کی سہولت نہیں ہے۔

کوئی آیت، یا اس کا ترجمہ اور تفسیر کاپی اور شیئر کرنے کی سہولت نہیں ہے۔

یہ مکمل تفسیر نہیں ہے بلکہ فقط سورہ فاتحہ کی تفسیر ہے اور سورہ بقرہ کا کچھ حصہ شامل ہے۔

مفسر کے بارے میں کسی قسم کی معلومات مہیا نہیں کی گئیں۔

اشتہارات کثرت سے سامنے آتے ہیں۔

گوٹو پیج Goto Page آپشن کے ذریعے آپ کسی صفحہ کا نمبر تو لکھ سکتے ہیں لیکن نتیجتاً آپ کو ایپلی کیشن کا مطلوبہ صفحہ نظر آئے گا، جب کہ تفسیر اور ایپلی کیشن کے صفحات کی آپس میں مناسبت نہیں ہے۔

طریقہ استعمال:

ایپلی کیشن کھولنے کے بعد Read پر کلک کرنے سے تمام صفحات سامنے آتے ہیں پھر جس صفحہ پر کلک کیا جائے گا وہ کھل جائے گا۔ الفاظ کا سائز بڑھانے کے لیے صفحے کو زوم کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

Read کے دائیں جانب Share بٹن ہے جس کے ذریعے ایپلی کیشن کا لنک شیئر کیا جاسکتا ہے۔

Share بٹن کے نیچے گوٹو پیج پر کلک کر کے کسی صفحہ کا نمبر لکھ کر اس کو کھولا جاسکتا ہے لیکن پہلے بھی یہ وضاحت کی گئی ہے کہ تفسیر پر درج صفحات اور ایپلی کیشن کے صفحات آپس میں مناسبت نہیں رکھتے۔

گوٹو پیج بٹن کے دائیں جانب سیٹنگ کا بٹن ہے جس پر کلک کر کے ٹیکسٹ کا رنگ تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.glowingapps.tafseeribnkaseer

Tafseer-Ibn-e-Qaseer[1] (6)

تفسیر کا نام: تفسیر القرآن العظیم (تفسیر ابن کثیر)

مفسر کا نام: ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیر

مترجم / شارح کا نام: مولانا محمد جونا گڑھی

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 09-03-2022

ایپلی کیشن کا سائز: 2 ایم بی[2]

ورژن: 1.0.0.5

ریٹنگ: 4.7☆

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: ایک لاکھ سے زیادہ۔

تعارف: یہ ایپلی کیشن ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ کی تفسیر ابن کثیر کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ تفسیر ابن کثیر کے اس ترجمہ کے مترجم کا نام مولانا محمد جونا گڑھی ہے۔ یہ ایپلی کیشن دراصل ایک پی ڈی ایف کتاب کے لیے بنائی گئی ہے جو ای بک ڈروئیڈ (EbookDroid)[3] کے ذریعے کھل جاتی ہے۔اس سے استفادہ کے لیے ہر پارے کو الگ الگ ڈاون لوڈ کرنا ہوتا ہے۔ یہ ایپلی کیشن قرآن اردو ڈاٹ کام (quranurdu.com)[4] والوں نے

---

[1] ایپلی کیشن ڈاون لوڈ کرنے کے بعد موبائل میں اس نام سے ظاہر ہوتی ہے البتہ ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس ایپلی کیشن کو پلے سٹور میں Tafseer Ibn Kaseer لکھ کر بھی تلاش کیا جاسکتا ہے۔

[2] بنیادی طور پر اس ایپلی کیشن کا سائز 2 ایم بی ہے لیکن اس ایپلی کیشن کا ڈیٹا پی ڈی ایف فائل پر مشتمل ہے اور ہر پارے کو علیحدہ علیحدہ ڈاون لوڈ کرنا ہوگا۔ اس لیے ہر پارے کی پی ڈی ایف فائل ڈاون لوڈ کرنے کے بعد یہ ایپلی کیشن موبائل میموری میں 2 ایم بی کے علاوہ مزید جگہ بھی گھیرتی ہے۔

[3] ای بک ڈروئیڈ پی ڈی ایف کتابوں کو مطالعہ کرنے کے لیے ایک ایپلی کیشن ہے۔ ای بک ڈروئیڈ کے علاوہ بھی کئی بہترین ایپلی کیشنز موجود ہیں جن کے ذریعے پی ڈی ایف کتابوں کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً Xodo PDF Reader & Editor
ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.xodo.pdf.reader

[4] www.Quraurdu.com اصل میں ایک اسلامی ویب سائٹ ہے جس کے منتظمین نے پلے سٹور پر پانچ ایپلی کیشنز اَپ لوڈ کی ہیں جن میں سے ایک ایپلی کیشن یہ ہے۔

بنائی ہے۔ یہ اپیلی کیشن پہلی بار 10 دسمبر 2013ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 11 دسمبر 2013ء کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ اپیلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

اس اپیلی کیشن کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔[1]

اشتہارات سے پاک ہے۔

تسامحات:

یہ اپیلی کیشن پی ڈی ایف کتاب کے لیے بنائی گئی ہے۔

تفسیر کے ہر پارے کو الگ الگ ڈاون لوڈ کرنا ہو گا۔[2]

مصنف کے متعلق بنیادی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔

سرچ اور کاپی کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

اپیلی کیشن کو استعمال کرنے کے لیے ایک دوسری اپیلی کیشن ای بک ڈروئیڈ EbookDroid انسٹال کرنا لازمی ہے۔

طریقۂ استعمال:

اپیلی کیشن کھولنے کے بعد تمام پاروں کے نام لکھے ہوئے نظر آتے ہیں جن میں سے ایک ایک پارے پر کلک کر کے ڈاون لوڈ کرنا ہو گا۔

پارہ ڈاون لوڈ کرنے کے بعد دوبارہ مطلوبہ پارہ پر کلک کرنا ہو گا اور اوپر ذکر کیے گئے ای بک ڈروئیڈ EBookDroid اپیلی کیشن کے ذریعے مطالعہ کرنا ہو گا۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.ibtech.ibneqaseer

[1] اس اپیلی کیشن کو انسٹال کرنے کے بعد صرف ایک بار ہر پارے کو ڈاون لوڈ کرنا ہو گا پھر اس کے بعد کبھی انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں پڑتی۔

[2] بعض استعمال کنندگان کے لیے ہر پارے کو الگ الگ ڈاون لوڈ کرنا اس اپیلی کیشن کی ایک خوبی ہے۔

Tafseer Ibn e Kaseer[1] (7)

تفسیر کا نام: تفسیر القرآن العظیم (تفسیر ابن کثیر)

مفسر کا نام: ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیر

مترجم / شارح کا نام: ندارد

ڈاؤن لوڈنگ کی تاریخ: 2022-03-21

ایپلی کیشن کا سائز: 22 ایم بی[2]

ورژن: 1.0.4

ریٹنگ: 3.8☆

ڈاؤن لوڈنگ کی تعداد: 1 ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ ایپلی کیشن ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیر کی تفسیر ابن کثیر کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ تفسیر ابن کثیر کے اس ترجمہ کے مترجم کے بارے میں معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ یہ ایپلی کیشن لٹ ٹیکنالوجیز ڈاٹ کام (lettechnologies.com)[3] والوں نے بنائی ہے۔ یہ ایپلی کیشن پہلی بار 31 دسمبر 2018ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 13 جنوری 2021ء کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ ایپلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

اس کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

لفظی ترجمہ بھی فراہم کرتا ہے۔

یہ ایپلی کیشن یونی کوڈ ٹیکسٹ ڈیٹا پر مشتمل ہے۔

کوئی آیت، اس کا ترجمہ اور تفسیر کاپی اور شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

کسی آیت کو بک مارک کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

---

[1] ڈاؤن لوڈ لنک کے علاوہ اس ایپلی کیشن کو پلے سٹور میں اس نام سے بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] پلے سٹور پر اس ایپلی کیشن کا سائز 22 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ ایپلی کیشن 124 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

[3] لٹ ٹیکنالوجیز ڈاٹ کام کے نام سے ایپلی کیشنز بنانے والوں نے پلے سٹور پر تقریباً 40 ایپلی کیشنز اَپ لوڈ کی ہیں۔ ان ایپلی کیشنز میں تفاسیر کے علاوہ بعض دوسرے مفید اسلامی ایپلی کیشنز بھی شامل ہیں۔

فانٹ سائز کو کم اور زیادہ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

ٹیکسٹ کلر کو تبدیل کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

تسامحات:

مفسر کے بارے میں کسی قسم کی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔

مترجم کے متعلق کچھ ذکر نہیں کیا گیا۔

اشتہارات کثرت سے سامنے آتے ہیں۔[1]

سرچ کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

سورہ فاتحہ کے علاوہ باقی سورتوں کی ابتدا میں بسم اللہ نہیں لکھی گئی۔

کوئی سورت کھولنے پر اس سورت کے متعلق بنیادی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔[2]

طریقۂ استعمال:

ایپلی کیشن کھولنے کے بعد ٹائٹل بار کے دائیں جانب سیٹنگ کا آئیکون ہے۔

سیٹنگ سے فانٹس کلر اور سائز وغیرہ کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

ٹائٹل بار پر بائیں جانب دل کا آئیکون ہے جس پر کلک کرکے بک مارک کیے ہوئے آیات کو دیکھا جاسکتا ہے۔

ٹائٹل بار کے نیچے سورتوں کے نام، آیات کی تعداد اور سورت کی مکی یا مدنی ہونے کی وضاحت دی گئی ہے۔

سورتوں کے نام ترتیب وار لکھے ہوئے نظر آتے ہیں۔

جس سورت کے نام پر کلک کیا جائے اس کی آیات اور ترجمہ ظاہر ہو جاتا ہے لیکن تفسیر نظر نہیں آتی۔

تفسیر دیکھنے کے لیے ہر آیت کے بعد ترجمہ کے نیچے ورس Verse[3] جس کے ساتھ نمبر بھی لکھا ہوتا ہے، پر کلک کیا جائے تو مطلوبہ آیت کی تفسیر ظاہر ہو جاتی ہے۔

ورس کے دائیں جانب شیئر بٹن ہے جس کی مدد سے کسی آیت، ترجمہ اور تفسیر کو کاپی اور شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

ورس کے بائیں جانب دل کا آئیکون ہے جس کے ذریعے کسی آیت کو بک مارک میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

---

[1] بعض اوقات قرآن کی آیت سامنے ہوتی ہے اور کوئی اشتہار سامنے آجاتا ہے جس کے ساتھ موسیقی کی آواز بھی ہوتی ہے۔

[2] مثلاً رکوع اور آیات کی تعداد کا ذکر۔

[3] ورس Verse انگریزی میں آیت کو کہتے ہیں۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.lettechnologies.ibnekaseer

(8) تفسیر ابن کثیر[1]

تفسیر کا نام: تفسیر القرآن العظیم (تفسیر ابن کثیر)

مفسر کا نام: ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیر

مترجم / شارح کا نام: مولانا محمد جوناگڑھی

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 2022-03-21

اپلی کیشن کا سائز: 14 ایم بی[2]

ورژن: 1

ریٹنگ: ☆4.6

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: 5 ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ اپلی کیشن ابو الفداء حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ کی تفسیر ابن کثیر کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ تفسیر ابن کثیر کے اس ترجمہ کے مترجم کا نام مولانا محمد جوناگڑھی ہے۔ یہ اپلی کیشن پی ڈی ایف کتاب سے بنائی گئی ہے۔ اس سے استفادہ کے لیے ہر پارے کو الگ الگ ڈاون لوڈ کرنا ہوتا ہے۔ یہ اپلی کیشن اسلامک بکس (Islamic Books)[3] والوں نے بنائی ہے۔ یہ اپلی کیشن پہلی بار 21 جولائی 2021ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار اسی تاریخ ہی کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

---

[1] اپلی کیشن ڈاون لوڈ کرنے کے بعد موبائل میں اس نام سے ظاہر ہوتی ہے البتہ ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس اپلی کیشن کو پلے سٹور میں Tafseer Ibne Kaseer Urdu لکھ کر بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] پلے سٹور پر اس اپلی کیشن کا سائز 14 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ اپلی کیشن بنیادی طور پر 78 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔ چونکہ یہ اپلی کیشن پی ڈی ایف کتاب پر مشتمل ہے اور ہر پارے کو الگ الگ ڈاون لوڈ کرنا ہوتا ہے اسی وجہ سے ہر پارہ ڈاون لوڈ کرنے کی وجہ سے یہ اپلی کیشن موبائل میں مزید جگہ گھیر لے گی۔

[3] اسلامک بکس کے نام سے پلے سٹور پر تقریباً 100 اسلامی اپلی کیشنز اَپ لوڈ کی گئی ہیں۔ یہ اپلی کیشنز اردو، ہندی اور انگریزی زبانوں میں بنائی گئی ہیں۔

پلے سٹور لنک:

https://play.google.com/store/apps/dev?id=5515500988878246704

خصوصیات:

یہ ایپلی کیشن پلے سٹور سے بلا معاوضہ ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔

مفسر اور تفسیر کے متعلق بنیادی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

مترجم کا نام بتایا گیا ہے۔

سورتوں کی فہرست فراہم کی گئی ہے۔

ایپلی کیشن دوبارہ کھولنے کے بعد اس جگہ سے مطالعہ شروع کرنے کی سہولت دی گئی ہے جہاں پہلی بار مطالعہ کے بعد ایپلی کیشن کو بند کیا گیا تھا۔

صفحات کو زوم کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

ایپلی کیشن کا ڈاؤن لوڈ لنک شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

تسامحات:

اس ایپلی کیشن کا ڈیٹا پی ڈی ایف کتاب پر مشتمل ہے۔

ہر پارے کو الگ الگ ڈاؤن لوڈ کرنا ہوتا ہے۔[1]

اشتہارات کثرت سے سامنے آتے ہیں۔

قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں کوئی لفظ تلاش کرنے کی سہولت نہیں دی گئی۔

کوئی آیت، ترجمہ یا تفسیر کاپی یا شیئر کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

کسی صفحہ کو دوران مطالعہ بک مارکس میں محفوظ کرنے کی سہولت دی گئی ہے لیکن اس سے استفادہ نہیں ہو رہا۔

طریقۂ استعمال:

ایپلی کیشن کھولنے کے بعد قرآن مجید کے پاروں کی فہرست نظر آتی ہے۔ ان پاروں میں سے جس پارہ کے نمبر پر کلک کیا جائے گا وہ ڈاؤن لوڈ ہو جائے گا۔ ڈاؤن لوڈ کے بعد دوبارہ کسی پارہ پر کلک کیا جائے تو وہ پارہ سکرین پر ظاہر ہو جائے گا اور ایک پی ڈی ایف کتاب کی طرح اس سے استفادہ حاصل کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اس ایپلی کیشن کے طریقۂ استعمال میں کوئی خاص قابل ذکر بات نہیں ہے۔

[1] ہر پارے کو الگ الگ ڈاؤن لوڈ کرنا دراصل اس ایپلی کیشن کی تسامحات میں سے ہے لیکن بعض استعمال کنندگان کے لیے یہ ایک خوبی ہے۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=islamicbooks.tafsiribnkathir.urdu

فصل دوم: عربی کی نحوی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال

اس فصل میں قرآن مجید کی عربی زبان میں لکھی گئی نحوی تفاسیر کے اردو تراجم کے لیے بنائی گئی اینڈرائیڈ ایپلی کیشنز پر بحث کی گئی ہے۔

(1) Tafseer-e-Jalalain[1]

تفسیر کا نام: تفسیر جلالین

مفسر کا نام: جلال الدین سیوطیؒ و جلال الدین[2] محلی[3]

مترجم / شارح کا نام: ندارد

---

[1] ایپلی کیشن ڈاون لوڈ کرنے کے بعد موبائل میں اس نام سے ظاہر ہوتی ہے البتہ ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس ایپلی کیشن کو پلے سٹور میں Tafseer al Jalalain لکھ کر بھی تلاش کیا جاسکتا ہے۔

[2] شیخ جلال الدین محمد بن احمد بن محمد بن ابراہیم بن احمد 791ھ کو مصر میں پیدا ہوئے۔ آپ فقہ، علم النحو، علم الکلام اور منطق وغیرہ میں مشغول رہے۔ آپ کے اساتذہ میں سے البدر محمود الأقصرائی، البرھان، البیجوری، العلاء البخاری اور الشمس البساطی شامل ہیں۔ آپ نہایت ذہین تھے اور کہا کرتے تھے کہ میرا ذہن غلطی (غلط بات) کو قبول نہیں کرتا۔ آپ متقی اور امر بالمعروف والنہی عن المنکر کی تبلیغ کرنے والے تھے۔ آپ سخت مزاج تھے اور حق بات کرنے میں کسی کی پرواہ نہ کرتے تھے۔ جب ظالم حکام آپ کے پاس آتے تو آپ ان کو کوئی توجہ نہ دیتے تھے۔ آپ کو قضا کا عہدہ پیش کیا گیا تو آپ نے قبول نہ کیا۔ آپ سادہ زندگی گزارتے تھے اور آپ کا پیشہ تجارت تھا۔ آپ کی تصانیف میں سے شرح جمع الجوامع فی الاصول، شرح الشمسیۃ فی المنطق (نامکمل) اور شرح بردۃ المدیح وغیرہ شامل ہیں۔ آپ نے تفسیر جلالین کی تفسیر سورہ کہف سے شروع کی اور سورہ الناس تک مکمل کرکے پھر سورہ فاتحہ کی تفسیر شروع کی، سورۃ فاتحہ کی تفسیر کے بعد آپ 864ھ کے پہلے دن کو آپ وفات پاگئے (اور باقی تفسیر آپ کے شاگرد جلال الدین سیوطیؒ نے مکمل کی)۔

سیوطی جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر، **حسن المحاضرہ فی تاریخ مصر والقاہرہ** (مصر: داراحیاء الکتب العربیہ، طبع اول: 1967ء) ج: 1، ص: 443، 444

[3] المَحلي الأَصْلِ نِسْبَة للمحلة الْكُبْرَى من الغربية

السخاوی شمس الدین محمد بن عبد الرحمن، **الضوء اللامع لاهل القرن التاسع** (بیروت: منشورات دار مکتبۃ الحیاۃ، طبع: س ن) ج: 7، ص: 39

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 09-03-2022

اپیلی کیشن کا سائز: 17 ایم بی[1]

ورژن: 2.0

ریٹنگ: ☆4.6

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: ایک لاکھ سے زیادہ

تعارف: یہ اپیلی کیشن جلال الدین سیوطیؒ اور جلال الدین محلیؒ کی تفسیر جلالین کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ تفسیر جلالین کے اس ترجمہ کے مترجم کا بارے میں معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ یہ اپیلی کیشن عثمان پرویز نے بنائی ہے۔ یہ اپیلی کیشن پہلی بار 6 نومبر 2017ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 20 نومبر 2021ء کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ اپیلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

اس اپیلی کیشن کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ اپیلی کیشن اشتہارات سے پاک ہے۔

یہ اپیلی کیشن یونی کوڈ ٹیکسٹ ڈیٹا پر مشتمل ہے۔

اس اپیلی کیشن کا استعمال نہایت آسان ہے۔

با محاورہ ترجمہ اور تفسیر کے علاوہ ہر آیت کے ساتھ لفظی ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔

قرآن، ترجمہ اور تفسیر کو ایک ساتھ دیکھنے اور علیحدہ علیحدہ دیکھنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں استعمال کسی بھی لفظ کو لکھ کر آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔

سورتوں کو نام اور نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

آیت کو نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

مختلف قاریوں کے نام دیے گئے ہیں جن میں سے کسی ایک قاری کی آواز میں قرآن مجید کی تلاوت سنی جا سکتی ہے۔[2]

سرچ ٹپس (Search Tips) بھی فراہم کی گئی ہیں جن کی وجہ سے مطلوبہ تلاش میں آسانی ہو جاتی ہے۔

---

[1] پلے سٹور پر اس اپیلی کیشن کا سائز 17 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ اپیلی کیشن 48 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

[2] تلاوت سننے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہر آیت کے ساتھ کوئی ضروری نوٹ اور معلومات لکھی جاسکتی ہیں۔
قرآن کے الفاظ کو تجویدی قواعد کے ساتھ ظاہر کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔
عربی اور اردو کے کئی فانٹس شامل کیے گئے ہیں جن میں سے کسی ایک کو استعمال کنندگان اپنی پسندیدگی کے مطابق منتخب کرسکتے ہیں۔
قرآن مجید، ترجمہ اور تفسیر کے فانٹس سائز کو اپنی ضرورت کے مطابق کم اور زیادہ رکھنے کی سہولت دی گئی ہے۔
اس اپیلی کیشن میں کسی بھی آیت، ترجمہ اور تفسیر کو کاپی اور پیسٹ کرنے کی سہولت دی گئی ہے اور کسی دوسرے پروگرام میں آسانی سے شیئر کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔
اپیلی کیشن بند کرنے کے بعد دوبارہ کھولنے پر اسی جگہ سے تلاوت یا مطالعہ شروع کرنے کی سہولت موجود ہے جہاں پر اپیلی کیشن بند کی گئی ہو۔

تسامحات:

مفسر کے متعلق مختصر بنیادی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔
مترجم کے بارے میں کسی قسم کی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔
سورتوں کی فہرست میں ہر سورت کے نام کے ساتھ مدنی اور مکی ہونے کی نشان دہی کی گئی ہے اور آیات کی تعداد بھی بتائی گئی ہے، لیکن کسی سورت کے نام پر کلک کرنے کے بعد سورت کے شروع میں آیات اور رکوع کی تعداد کا ذکر نہیں ہے۔

طریقۂ استعمال:

اپیلی کیشن کھولنے کے بعد سب سے اوپر والے حصے (ٹائٹل بار) پر انگریزی میں اپیلی کیشن کا نام لکھا ہوتا ہے۔ اس کے بعد دائیں طرف سیٹنگ کا آئیکون ہے۔ سیٹنگ میں لے آوٹ(layout) کو ہارزینٹل پیجز (Horizontal Pages) یا ورٹیکل لسٹ(Vertical List) کی شکل میں منتخب کیا جاسکتا ہے۔ یہاں سے صرف قرآن، قرآن و ترجمہ اور قرآن، ترجمہ اور تفسیر منتخب کی جاسکتی ہے۔ فانٹس سائز کو کم سے کم 12 اور زیادہ سے زیادہ 60 پر رکھا جاسکتا ہے۔ ٹیکسٹ کلر کو بھی سیٹنگ سے تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ سیٹنگ میں لفظی ترجمہ اور تجویدی قواعد وغیرہ ظاہر کرنے یا ان کو ختم کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔
سیٹنگ کے بعد تین عمودی نقطے ہیں جن پر کلک کرنے سے تفسیر اور اپیلی کیشن کا تعارف دیکھنے کی سہولت دی گئی ہے۔
ٹائٹل بار کے نیچے بائیں طرف تیر کے نشان کا ایک آئیکون ہے جس کے نیچے Go to Ayah لکھا ہوتا ہے۔ اس پر کلک کرکے کسی سورت اور اس کے کسی آیت کا نمبر لکھ کر آسانی سے مطلوبہ آیت تک رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔

تیر کے آئیکون کے دائیں جانب سرچ(Search)کا آئیکون ہے جہاں کوئی لفظ لکھ کر اسے قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔
سرچ بٹن میں Search Tips کے نام سے یہ سہولت دی گئی ہے کہ اس پر کلک کرنے سے کچھ اہم نکات نظر آجاتے ہیں جن کے ذریعے تلاش میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔
سرچ بٹن کے دائیں جانب نوٹس بٹن ہے جس پر کلک کرنے سے وہ معلومات نظر آتی ہیں جن کو استعمال کنندہ مطالعہ کے دوران کسی آیت کے تحت کسی وضاحت یا یاداشت کے طور پر درج کرتا ہے۔
نوٹس بٹن کے نیچے Feedback کا بٹن ہے اور اس کے دائیں جانب شیئر ایپ (Share App) بٹن ہے جس کے ذریعے اس ایپلی کیشن کا ڈاؤن لوڈ لنک کسی کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے۔
اس کے بعد نیچے Filter Surah List by Number or Name کی سہولت دی گئی ہے جس کے ذریعے کسی سورت کا نمبر، مکمل نام یا کوئی حرف لکھ کر اس سورت کو تلاش کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً القدر لکھا جائے تو صرف سورۃ القدر نظر آجائے گی اور "د" لکھا جائے تو ہر وہ سورت جس میں حرف "د" استعمال ہوا ہے، نظر آجائے گی۔
اس کے بعد نیچے سورتوں کے نام، آیات کی تعداد اور سورت کی مکی یا مدنی ہونے کی وضاحت دی گئی ہے۔
کوئی سورت کھولنے پر ٹائٹل بار پر تیر کا آئیکون نظر آجاتا ہے جس پر کلک کر کے اسی سورت کی کوئی آیت نمبر سے تلاش کی جاسکتی ہے۔
تیر کے آئیکون کے دائیں جانب قرآن کا آئیکون ہے جسے کلک کرنے سے سورت ترجمہ اور تفسیر کے بغیر نظر آجاتی ہے۔
قرآن کے آئیکون کے دائیں جانب ایک آئیکون ہے جس کے ذریعے قرآن، قران وترجمہ اور قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں سے کسی ایک کو منتخب کیا جاسکتا ہے۔
اس آئیکون کے دائیں جانب میڈیا بٹن ہے جس کے ذریعے کسی سورت کی تلاوت اپنے پسندیدہ قاری کی آواز میں سنی جاسکتی ہے۔
میڈیا بٹن کے دائیں جانب تین عمودی نقطے ہیں جس پر کلک کرنے کے بعد مختلف سہولیات دی گئی ہیں۔ جن میں سب سے پہلے ڈاون لوڈ لکھا ہوتا ہے۔ ڈاون لوڈ پر کلک کر کے تلاوت کی آڈیو ڈاون لوڈ اور ڈیلیٹ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔
ڈاون لوڈ کے نیچے Quick Settings کا آپشن ہے۔

Quick Settings کے بعد Jump to Ruku کا آپشن ہے جس کے ذریعہ سورت کے کسی رکوع کو نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

Jump to Ruku کے بعد Translation Mode کا آپشن ہے جس پر کلک کرنے سے سکرین پر سورت کا صرف ترجمہ رہ جاتا۔

Translation Mode کے بعد Share Multiple Ayat کا آپشن ہے جس کے ذریعے سورت کے کئی آیات اور ان کا ترجمہ ایک ساتھ شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

Share Multiple Ayat کے بعد Surah Notes, Tajweed Rules اور Next Surah کا آپشن ہے۔

کسی آیت پر کلک کرنے سے اس آیت اور اس کا ترجمہ اور تفسیر کاپی کرنے، شیئر کرنے اور اس آیت کے تحت نوٹس شامل کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بھی چند مفید سہولیات دی گئی ہیں۔ مثلاً مشکل الفاظ کی نشان دہی کرنا اور کسی آیت کو BookMark میں محفوظ کرنا۔

سافٹ ویئر کھولنے کے بعد سکرین کے نچلے حصے پر Manual Last Read اور Auto Last Read کا آپشن ہے۔ اور اس کے نیچے Collections, Parah, Quran, Mushaf, Bookmarks کے آپشن دیے گئے ہیں۔

Collections اور Bookmarks میں ہر وہ آیت، ترجمہ اور تفسیر موجود ہوتی ہے جس کو دوران مطالعہ استعمال کنندگان کسی خاص ضرورت کے پیشِ نظر محفوظ کرتے ہیں۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.atq.quranemajeedapp.org.jalalain

Jamalain sharah jalalain[1] (2)

تفسیر کا نام: تفسیر جمالین شرح تفسیر جلالین

مفسر کا نام: جلال الدین سیوطی و جلال الدین محلیؒ

مترجم / شارح کا نام: مولانا محمد جمال بلند شہری[2]

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 10-03-2022

اپیلی کیشن کا سائز: 5 ایم بی[3]

ورژن: 1

ریٹنگ: ☆4.2

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: 10 ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ اپیلی کیشن جلال الدین سیوطی و جلال الدین محلیؒ کی تفسیر جلالین کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ جلالین کے اس ترجمہ کے مترجم کا نام مولانا محمد جمال سیفی ہے۔ یہ اپیلی کیشن ربیعہ بشیر (Rabia Basheer)[4] نے

---

[1] اپیلی کیشن ڈاون لوڈ کرنے کے بعد موبائل میں اس نام سے ظاہر ہوتی ہے البتہ ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس اپیلی کیشن کو پلے سٹور میں Jamalain sharah jalalain urdu لکھ کر بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] مولانا محمد جمال بلند شہریؒ 1936ء کو بلند شہر میں پیدا ہوئے۔ آپ نہایت نرم مزاج، طلبہ پر مشفق و مہربان اور سادہ زندگی گزارنے والے تھے۔ آپؒ مولانا حسین احمد مدنی کے شاگردوں میں سے تھے۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد مختلف مدارس میں پڑھاتے رہے اور پھر 1984ء میں دارالعلوم دیوبند میں تدریس کا آغاز کیا۔ آپ کی تصانیف کثیر ہیں لیکن سب سے زیادہ مقبولیت اور شہرت تفسیر جلالین کی شرح جمالین کو ملی۔ آپ کی وفات 18 ستمبر 2019ء کو ہوئی۔ آپ کو دارالعلوم دیوبند کے مشہور قبرستان "مزار قاسمی" میں دفن کر دیا گیا۔

محمد سلمان بجنوری، **"آسمان تیری لحد پر شبنم افشانی کرے"**، ماہنامہ دار العلوم دیوبند (دیوبند: دفتر ماہنامہ دارالعلوم دیوبند، طبع: 2019ء) ج: 103، شمارہ: 10، ص: 3،4

حضرت علامہ محمد جمال بلند شہری رحمۃ اللہ علیہ | جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن (banuri.edu.pk)

تاریخ رسائی: 31 مئی 2022

[3] پلے سٹور پر اس اپیلی کیشن کا سائز 5 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ اپیلی کیشن 18 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

[4] Rabia Basheer نے اینڈرائیڈ موبائل کے تقریباً 100 اپیلی کیشنز بنائی ہیں جن میں اکثریت مدارس میں پڑھائی جانے والی کتابوں کی اپیلی کیشنز ہیں اور بعض عمومی نوعیت کی ہیں۔ مدارس کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے یہ اپیلی کیشنز کارآمد ثابت ہو سکتی ہیں۔

بنائی ہے۔ یہ اپلی کیشن پہلی بار 16 نومبر 2019ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 16 نومبر 2019ء ہی کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ اپلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

صفحات کو زوم کرنے کی سہولت موجود ہے۔

تسامحات:

یہ اپلی کیشن انٹرنیٹ کے بغیر نا قابل استعمال ہے۔

اشتہارات کثرت سے سامنے آتے ہیں۔

یہ ایک پی ڈی ایف تفسیر ہے جس کی وجہ سے کوئی لفظ تلاش کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

کوئی آیت یا ترجمہ اور تفسیر کاپی یا شیئر کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

طریقۂ استعمال:

اپلی کیشن کھولنے کے بعد موبائل کے سکرین پر اپلی کیشن کا آئیکون نظر آجاتا ہے۔اس آئیکون کو کلک کرنے کے بعد موبائل سکرین پر نیچے سٹارٹ ریڈنگ (Start Reading) لکھا ہو گا۔

سٹارٹ ریڈنگ پر کلک کرنے کے بعد پانچ عنوانات نظر آتے ہیں۔[1]

ان عنوانات میں سے کسی عنوان پر کلک کیا جائے تو ڈیٹیل (Detail) لکھا ہوا نظر آتا ہے۔

ڈیٹیل پر کلک کرکے تفسیر کا مطلوبہ حصہ کھل جاتا ہے۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.brabea786.jamalain_sharah_jalalain

---

ای میل ایڈریس: brabea786@gmail.com

[1] یہ عنوانات دراصل تفسیر کے پانچ حصے ہیں۔ پوری تفسیر پانچ حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔

تفسیر کمالین
مکمل اردو شرح
تفسیر جلالین

Tafseer kamalain urdu[1] (3)

تفسیر کا نام: تفسیر کمالین شرح تفسیر جلالین

مفسر کا نام: جلال الدین سیوطی و محلیؒ

مترجم / شارح کا نام: مولانا محمد نعیم دیوبندی[2]

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 11-03-2022

اپلی کیشن کا سائز: 5 ایم بی[3]

ورژن: 1

ریٹنگ: ☆4.1

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: 10 ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ اپلی کیشن جلال الدین سیوطی و جلال الدین محلیؒ کی تفسیر جلالین کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ اپلی کیشن میں مترجم کے متعلق کوئی ذکر نہیں ہے۔ یہ اپلی کیشن ربیعہ بشیر نے بنائی ہے۔ یہ اپلی کیشن پہلی بار 27 نومبر 2019ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 27 نومبر 2019ء ہی کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

---

[1] اپلی کیشن ڈاون لوڈ کرنے کے بعد موبائل میں اس نام سے ظاہر ہوتی ہے البتہ ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس اپلی کیشن کو پلے سٹور میں Kamalain urdu sharah jalalain لکھ کر بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] اپلی کیشن میں کہیں شارح کے نام کا ذکر نہیں ہے۔ تاہم کمالین کے شارح مولانا محمد نعیم دیوبندی ہیں۔
مولانا محمد نعیم 7 ذوالحجہ 1337ھ مطابق 1919ء کو دیوبند کے ایک معزز عثمانی خاندان میں پیدا ہوئے۔ اس خاندان کے مورثِ اعلیٰ قاضی شیخ ابوالوفا عثمانی تھے۔ آپ کے دادا حکیم بشیر ایک معروف عالم اور طبیب تھے اور حکیم محمد منعم عثمانی آپ کے والد تھے۔ بچپن سے سنجیدہ طبیعت کے مالک تھے اور ساری زندگی پڑھنے پڑھانے میں گزاری۔ 1923ء سے 1943ء تک تقریباً اکیس سال دارالعلوم دیوبند میں مختلف علوم سیکھے۔ آپ کے اساتذہ کرام میں مولانا عبدالرحمنؒ (تلمیذِ نانوتیؒ)، مولانا شبیر احمد عثمانیؒ، مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ اور مولانا ظہور احمد دیوبندیؒ زیادہ قابل ذکر ہیں۔ آپ ہمیشہ امتیازی نمبروں سے امتحانات میں پاس ہوتے تھے۔ آپ نے دیوبند میں زندگی کے پچاسی سال گزارے اور یہیں اپنے بزرگوں کے ساتھ قبرستان قاسمی میں ابدی آرام کے خواہشمند تھے مگر آخری عمر میں امریکہ جا کر مقیم ہوئے اور 23 اگست 2007ء کو آپ کی وفات بھی وہاں ہوئی۔
مولانا ندیم الواجدی، "**شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد نعیم دیوبندیؒ**"، فکر انقلاب، خصوصی اشاعت اکابر دیوبند نمبر، ج:2 (دہلی: آل انڈیا تنظیم علماء حق، جنوری: 2022) ج:10، ش:228، ص:538، 539

[3] پلے سٹور پر اس اپلی کیشن کا سائز 5 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ اپلی کیشن 33 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

خصوصیات:

یہ اپلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

صفحات کو زوم کرنے کی سہولت موجود ہے۔

تسامحات:

یہ اپلی کیشن انٹرنیٹ کے بغیر نا قابل استعمال ہے۔

اشتہارات کثرت سے سامنے آتے ہیں۔

یہ ایک پی ڈی ایف تفسیر ہے جس کی وجہ سے کوئی لفظ تلاش کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

کوئی آیت یا ترجمہ اور تفسیر کاپی یا شیئر کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

طریقہ استعمال:

اپلی کیشن کھولنے کے بعد موبائل کے سکرین پر اپلی کیشن کا آئیکون نظر آجاتا ہے۔اس آئیکون کو کلک کرنے کے بعد موبائل سکرین پر نیچے سٹارٹ ریڈنگ (Start Reading) لکھا ہو گا۔

سٹارٹ ریڈنگ پر کلک کرنے کے بعد پانچ عنوانات نظر آتے ہیں۔[1]

ان عنوانات میں سے کسی عنوان پر کلک کیا جائے تو ڈیٹیل (Detail) لکھا ہوا نظر آتا ہے۔

ڈیٹیل پر کلک کرکے تفسیر کا مطلوبہ حصہ کھل جاتا ہے۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.brabea786.tafseer_kamala
in_urdu

[1] یہ عنوانات دراصل تفسیر کے پانچ حصے ہیں۔پوری تفسیر پانچ حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔

Tafseer al Jalalayn[1] (4)

تفسیر کا نام: تفسیر جلالین

مفسر کا نام: جلال الدین سیوطیؒ و جلال الدین محلی

مترجم / شارح کا نام: ندارد

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 2022-03-22

ایپلی کیشن کا سائز: 21 ایم بی[2]

ورژن: 1.0.3

ریٹنگ: ☆2.8

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: 5 ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ ایپلی کیشن جلال الدین سیوطی و جلال الدین محلیؒ کی تفسیر جلالین کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ ایپلی کیشن میں مترجم کے متعلق کوئی ذکر نہیں ہے۔ یہ ایپلی کیشن لٹ ٹیکنالوجیز ڈاٹ کام والوں نے بنائی ہے۔ یہ ایپلی کیشن پہلی بار 10 جنوری 2019ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 2 فروری 2021ء کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ ایپلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے۔
اس کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔
لفظی ترجمہ بھی فراہم کرتا ہے۔
یہ ایپلی کیشن یونی کوڈ ٹیکسٹ ڈیٹا پر مشتمل ہے۔
کوئی آیت، اس کا ترجمہ اور تفسیر کاپی اور شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔
کسی آیت کو بک مارک کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔
فانٹ سائز کو کم اور زیادہ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔
ٹیکسٹ کلر کو تبدیل کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

تسامحات:

---

[1] ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس ایپلی کیشن کو پلے سٹور میں اس نام سے بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] پلے سٹور پر اس ایپلی کیشن کا سائز 21 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ ایپلی کیشن 121 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

مترجم کے متعلق کچھ ذکر نہیں کیا گیا۔
اشتہارات کثرت سے سامنے آتے ہیں۔
سرچ کرنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔
سورہ فاتحہ کے علاوہ باقی سورتوں کی ابتدا میں بسم اللہ نہیں لکھی گئی۔
کوئی سورت کھولنے پر اس سورت کے متعلق بنیادی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔[1]

طریقہ استعمال:

ایپلی کیشن کھولنے کے بعد ٹائٹل بار پر تفسیر کا نام نظر آجاتا ہے اور اس کے دائیں جانب سیٹنگ کا آئیکون ہے۔
سیٹنگ سے فانٹس کلر اور سائز وغیرہ کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔
ٹائٹل بار پر بائیں جانب دل کا آئیکون ہے جس پر کلک کر کے بک مارک کیے ہوئے آیات کو دیکھا جاسکتا ہے۔
ٹائٹل بار کے نیچے Search Surah Number or Name کی سہولت دی گئی ہے جس کے ذریعے کسی سورت کا نمبر، مکمل نام یا کوئی حرف لکھ کر اس سورت کو تلاش کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً القدر لکھا جائے تو صرف سورۃ القدر نظر آ جائے گی اور "د" لکھا جائے تو ہر وہ سورت جس میں حرف "د" استعمال ہوا ہے، نظر آجائے گی۔
اس کے بعد نیچے سورتوں کے نام، آیات کی تعداد اور سورت کی مکی یا مدنی ہونے کی وضاحت دی گئی ہے۔
سورتوں کے نام ترتیب وار لکھے ہوئے نظر آتے ہیں۔
جس سورت کے نام پر کلک کیا جائے اس کی آیات اور ترجمہ ظاہر ہو جاتا ہے لیکن تفسیر نظر نہیں آتی۔
تفسیر دیکھنے کے لیے ہر آیت کے بعد ترجمہ کے نیچے ورس Verse جس کے ساتھ نمبر بھی لکھا ہوتا ہے، پر کلک کیا جائے تو مطلوبہ آیت کی تفسیر ظاہر ہو جاتی ہے۔
ورس کے دائیں جانب شیئر بٹن ہے جس کی مدد سے کسی آیت، ترجمہ اور تفسیر کو کاپی اور شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔ ورس کے بائیں جانب دل کا آئیکون ہے جس کے ذریعے کسی آیت کو بک مارک میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.lettechnologies.alJalalain

---

[1] مثلاً رکوع اور آیات کی تعداد کا ذکر۔

فصل سوم: عربی کی لغوی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرویڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال

اس فصل میں قرآن مجید کی عربی زبان میں لکھی گئی لغوی تفاسیر کے اردو تراجم کے لیے بنائی گئی اینڈرویڈ ایپلی کیشنز پر بحث کی گئی ہے۔

(1) Mufradat ul Quran[1]

تفسیر کا نام: المفردات فی غریب القرآن (مفردات القرآن)

مفسر کا نام: امام راغب اصفہانی[2]

مترجم / شارح کا نام: مولانا محمد عبدہ فیروز پوری[3]

---

[1] ڈاؤن لوڈ لنک کے علاوہ اس ایپلی کیشن کو پلے سٹور میں اس نام سے بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] حسین بن محمد بن مفضل ابو القاسم اصفہانی (اصبہانی) راغب کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ 502ھ میں پیدا ہوئے اور 1108ء کو وفات پا گئے۔ آپ اصبہان (بغداد) کے رہنے والے تھے۔ آپ اتنے مشہور ہوئے کہ امام غزالیؒ کے ہم پلہ شمار ہوئے۔ آپ کی تصانیف میں محاضرات الادباء دو جلد، الذریعۃ الی مکارم شریعۃ، اخلاق (جسے اخلاق الراغب کہا جاتا ہے)، تحقیق البیان اور العتقاد شامل ہیں۔

الزرکلی خیر الدین بن محمود، الاعلام (بیروت: دار العلم للملایین، ط15: مئی 2002ء) ج:2، ص:255

[3] مولانا محمد عبدہ الفلاح کی ولادت 1917ء کو ضلع فیروز پور میں ہوئی۔ آپ کے والد کا نام نظام الدین واصل خان تھا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کا آغاز اپنے گاؤں کے پرائمری سکول سے کیا اور مڈل کی تعلیم کے دوران سکول کو چھوڑ کر دینی علوم کے حصول میں مشغول ہو گئے۔ اعلی دینی تعلیم مدرسہ عالیہ دہلی سے حاصل کی اور علم حدیث حافظ محمد محدث گوندلوی سے حاصل کیا۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ مختلف مدارس میں پڑھاتے رہے اور ساتھ ساتھ تفسیری کام میں بھی مشغول رہے۔ آپ کافی عرصہ حدیث اور محدثین کے متعلق تدریس اور تصنیف کا فریضہ انجام دیتے رہے۔ آپ شیخ الحدیث بھی رہے اور افتاء کا فریضہ بھی انجام دیتے رہے۔

آپ کے اساتذہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد اسمعیل سلفی، مولانا اشفاق الرحمن کاندھلوی، مولانا عبد الغنی اور مولانا سلطان محمود گجراتی زیادہ قابل ذکر ہیں۔ قاضی محمد اسلم سیف، مولانا عبد الرشید نو مسلم، مولانا حافظ ثناء اللہ مدنی اور مولانا یعقوب جہلمی آپ کے تلامذہ میں سے ہیں۔ مفردات القرآن کے اردو ترجمہ کے علاوہ حاشیہ قرآن کریم بنام اشرف الحواشی، سیرت ابن حجر وتراجم رجال اسانید ابن حجر اور الارشاد الی مہمات الاسناد از شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی تحقیق و حواشی آپ کی تصانیف میں سے ہیں۔ آپ کی وفات 82

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ:11-03-2021

ایپلی کیشن کا سائز:34 ایم بی[1]

ورژن:1.9

ریٹنگ:4.9☆

ڈاون لوڈنگ کی تعداد:10 ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ ایپلی کیشن امام راغب اصفہانی کی تفسیر مفردات القرآن کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ مفردات القرآن کے اس ترجمہ کے مترجم کا نام مولانا محمد عبدہ فیروز پوری ہے۔ یہ ایپلی کیشن عثمان پرویز نے بنائی ہے۔ یہ ایپلی کیشن پہلی بار 4 نومبر 2017ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 23 جولائی 2021ء کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ ایپلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

اس ایپلی کیشن کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ ایپلی کیشن اشتہارات سے پاک ہے۔

مفسر کے متعلق مختصر بنیادی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

مترجم کے متعلق مختصر بنیادی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

یہ ایپلی کیشن یونی کوڈ ٹیکسٹ ڈیٹا پر مشتمل ہے۔

اس ایپلی کیشن کا استعمال نہایت آسان ہے۔

با محاورہ ترجمہ اور تفسیر کے علاوہ ہر آیت کے ساتھ لفظی ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔

قرآن، ترجمہ اور تفسیر کو ایک ساتھ دیکھنے اور علیحدہ علیحدہ دیکھنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں استعمال کسی بھی لفظ کو لکھ کر آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔

سال کی عمر میں 30 جون 1999ء کو ہوئی۔ آپ کی نمازِ جنازہ فیصل آباد میں پڑھائی گئی اور تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد میں آپ کے گاؤں سرواں چک 540 گ ب میں آپ کو سپرد خاک کیا گیا۔

https://magazine.mohaddis.com/home/articledetail/3433

تاریخ رسائی:6 جون 2022

[1] پلے سٹور پر اس ایپلی کیشن کا سائز 34 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ ایپلی کیشن 137 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

سورتوں کو نام اور نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

آیت کو نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

مختلف قاریوں کے نام دیے گئے ہیں جن میں سے کسی ایک قاری کی آواز میں قرآن مجید کی تلاوت سنی جاسکتی ہے۔[1]

سرچ ٹپس (Search Tips) بھی فراہم کی گئی ہیں جن کی وجہ سے مطلوبہ تلاش میں آسانی ہو جاتی ہے۔

ہر آیت کے ساتھ کوئی ضروری نوٹ اور معلومات لکھی جاسکتی ہیں۔

قرآن کے الفاظ کو تجویدی قواعد کے ساتھ ظاہر کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

عربی اور اردو کے کئی فانٹس شامل کیے گئے ہیں جن میں سے کسی ایک کو استعمال کنندگان اپنی پسندیدگی کے مطابق منتخب کرسکتے ہیں۔

قرآن مجید، ترجمہ اور تفسیر کے فانٹس سائز کو اپنی ضرورت کے مطابق کم اور زیادہ رکھنے کی سہولت دی گئی ہے۔

اس ایپلی کیشن میں کسی بھی آیت، ترجمہ اور تفسیر کو کاپی اور پیسٹ کرنے کی سہولت دی گئی ہے اور کسی دوسرے پروگرام میں آسانی سے شیئر کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

ایپلی کیشن بند کرنے کے بعد دوبارہ کھولنے پر اسی جگہ سے تلاوت یا مطالعہ شروع کرنے کی سہولت موجود ہے جہاں پر ایپلی کیشن بند کی گئی ہو۔

تسامحات:

سورتوں کی فہرست میں ہر سورت کے نام کے ساتھ مدنی اور مکی ہونے کی نشان دہی کی گئی ہے اور آیات کی تعداد بھی بتائی گئی ہے، لیکن کسی سورت کے نام پر کلک کرنے کے بعد سورت کے شروع میں آیات اور رکوع کی تعداد کا ذکر نہیں ہے۔

طریقۂ استعمال:

ایپلی کیشن کھولنے کے بعد سب سے اوپر والے حصے (ٹائٹل بار) پر انگریزی میں ایپلی کیشن کا نام لکھا ہوتا ہے۔ اس کے بعد دائیں طرف سیٹنگ کا آئیکون ہے۔ سیٹنگ میں لے آوٹ (layout) کو ہارزینٹل پیجز (Horizontal Pages) یا ورٹیکل لسٹ (Vertical List) کی شکل میں منتخب کیا جا سکتا ہے۔ یہاں سے صرف قرآن، قرآن و ترجمہ اور قرآن، ترجمہ اور تفسیر منتخب کی جاسکتی ہے۔ فانٹس سائز کو کم سے کم 12 اور زیادہ سے زیادہ 60 پر رکھا جاسکتا ہے۔ ٹیکسٹ کلر کو بھی سیٹنگ سے تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ سیٹنگ میں لفظی ترجمہ اور تجویدی قواعد وغیرہ ظاہر کرنے یا ان کو ختم کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

---

[1] تلاوت سننے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

سیٹنگ کے بعد تین عمودی نقطے ہیں جن پر کلک کرنے سے تفسیر کا تعارف دیکھنے کی سہولت دی گئی ہے۔اس کے بعد فیڈ بیک اور پھر اپیلی کیشن کے تعارف کا بٹن ہے۔

ٹائٹل بار کے نیچے بائیں طرف تیر کے نشان کا ایک آئیکون ہے جس کے نیچےGo to Ayah لکھا ہوتا ہے۔اس پر کلک کر کے کسی سورت اور اس کے کسی آیت کا نمبر لکھ کر آسانی سے مطلوبہ آیت تک رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔

تیر کے آئیکون کے دائیں جانب سرچ(Search)کا آئیکون ہے جہاں کوئی لفظ لکھ کر اسے قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔

سرچ بٹن میںSearch Tips کے نام سے یہ سہولت دی گئی ہے کہ اس پر کلک کرنے سے کچھ اہم نکات نظر آجاتے ہیں جن کے ذریعے تلاش میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔

سرچ بٹن کے دائیں جانب شیئر ایپ(Share App)بٹن ہے جس کے ذریعے اس اپیلی کیشن کا ڈاون لوڈ لنک کسی کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے۔

شیئر ایپ بٹن کے نیچے نوٹس بٹن ہے جس پر کلک کرنے سے وہ معلومات نظر آتی ہیں جن کو استعمال کنندہ مطالعہ کے دوران کسی آیت کے تحت کسی وضاحت یا یاداشت کے طور پر درج کرتا ہے۔

نوٹس بٹن کے بائیں جانبResume Manualاور پھرResume Autoکا بٹن ہے۔

اس کے بعد نیچے Filter Surah List by Number or Name کی سہولت دی گئی ہے جس کے ذریعے کسی سورت کا نمبر، مکمل نام یا کوئی حرف لکھ کر اس سورت کو تلاش کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً القدر لکھا جائے تو صرف سورۃ القدر نظر آجائے گی اور "د" لکھا جائے تو ہر وہ سورت جس میں حرف "د" استعمال ہوا ہے، نظر آجائے گی۔

اس کے بعد نیچے سورتوں کے نام، آیات کی تعداد اور سورت کی مکی یا مدنی ہونے کی وضاحت دی گئی ہے۔

کوئی سورت کھولنے پر ٹائٹل بار پر تیر کا آئیکون نظر آجاتا ہے جس پر کلک کر کے اسی سورت کی کوئی آیت نمبر سے تلاش کی جاسکتی ہے۔

تیر کے آئیکون کے دائیں جانب قرآن کا آئیکون ہے جسے کلک کرنے سے سورت ترجمہ اور تفسیر کے بغیر نظر آجاتی ہے۔

قرآن کے آئیکون کے دائیں جانب ایک آئیکون ہے جس کے ذریعے قرآن، قران وترجمہ اور قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں سے کسی ایک کو منتخب کیا جاسکتا ہے۔

اس آئیکون کے دائیں جانب میڈیا بٹن ہے جس کے ذریعے کسی سورت کی تلاوت اپنے پسندیدہ قاری کی آواز میں سنی جاسکتی ہے۔

میڈیا بٹن کے دائیں جانب تین عمودی نقطے ہیں جس پر کلک کرنے کے بعد مختلف سہولیات دی گئی ہیں۔ جن میں سب سے پہلے ڈاون لوڈ لکھا ہوتا ہے۔ ڈاون لوڈ پر کلک کر کے تلاوت کی آڈیو ڈاون لوڈ اور ڈیلیٹ کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

ڈاون لوڈ کے نیچے Quick Settings کا آپشن ہے۔

Quick Settings کے بعد Jump to Ruku کا آپشن ہے جس کے ذریعہ سورت کے کسی رکوع کو نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

Jump to Ruku کے بعد Translation Mode کا آپشن ہے جس پر کلک کرنے سے سکرین پر سورت کا صرف ترجمہ رہ جاتا۔

Translation Mode کے بعد Share Multiple Ayat کا آپشن ہے جس کے ذریعے سورت کے کئی آیات اور ان کا ترجمہ ایک ساتھ شیئر کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔

Share Multiple Ayat کے بعد Surah Notes, Tajweed Rules اور Next Surah کا آپشن ہے۔

کسی آیت پر کلک کرنے سے اس آیت اور اس کا ترجمہ اور تفسیر کاپی کرنے، شیئر کرنے اور اس آیت کے تحت نوٹس شامل کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بھی چند مفید سہولیات دی گئی ہیں۔ مثلاً مشکل الفاظ کی نشان دہی کرنا اور کسی آیت کو BookMark میں محفوظ کرنا۔

سافٹ ویئر کھولنے کے بعد سکرین کے سب سے نچلے حصے پر Collections, Parah, Quran, Mushaf, Bookmarks کے آپشن دیے گئے ہیں۔ Collections اور Bookmarks میں ہر وہ آیت، ترجمہ اور تفسیر موجود ہوتی ہے جس کو دوران مطالعہ استعمال کنندگان کسی خاص ضرورت کے پیشِ نظر محفوظ کرتے ہیں۔

ڈاون لوڈ لنک:

https://play.google.com/store/apps/details?id=com.atq.quranemajeedapp.org.mufridat

باب سوم

عربی کی فقہی، کلامی اور بعض متفرق منتخب تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرو ئیڈ ایپلی کیشنز کا تعارفی و تنقیدی جائزہ

- فصل اول: عربی کی فقہی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرو ئیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال
- فصل دوم: عربی کی کلامی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرو ئیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال
- فصل سوم: متفرق عربی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرو ئیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال

فصل اول: عربی کی فقہی تفاسیر کے اردو تراجم کی منتخب اینڈرو ئیڈ ایپلی کیشنز کا تعارف، خصوصیات، تسامحات اور اسالیبِ استعمال

اس فصل میں قرآن مجید کی عربی زبان میں لکھی گئی فقہی تفاسیر کے اردو تراجم کے لیے بنائی گئی اینڈرو ئیڈ ایپلی کیشنز پر بحث کی گئی ہے۔

(1) Ahkam ul Quran[1]

تفسیر کا نام: احکام القرآن

مفسر کا نام: امام ابو بکر الجصاص[2]

مترجم / شارح کا نام: ندارد

ڈاون لوڈنگ کی تاریخ: 2022-03-11

ایپلی کیشن کا سائز: 15 ایم بی[3]

---

[1] ڈاون لوڈ لنک کے علاوہ اس ایپلی کیشن کو پلے سٹور میں اس نام سے بھی تلاش کیا جا سکتا ہے۔

[2] امام ابو بکر احمد بن علی الرازی 305ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ اپنے زمانے کے صاحب الرائے لوگوں کے امام تھے۔ آپ زہد و تقوی میں شہرت رکھتے تھے۔ لڑکپن میں پچیس سال کی عمر میں بغداد آئے اور ابو الحسن الکرخی سے فقہ پڑھی۔ آپ کو دو مرتبہ قاضی القضاۃ کا عہدہ پیش کیا گیا لیکن آپ نے اسے قبول کرنے سے انکار کیا۔ آپ کی بہت سی مشہور تصانیف ہیں جن میں شرح مختصر الکرخی، شرح مختصر الطحاوی، شرح الاسماء الحسنی اور وہ احادیث بھی شامل ہیں جن کو آپ نے ابو العباس الاصم نیشاپوری، عبد اللہ بن جعفر بن فارس اصبہانی، عبد الباقی بن قانع قاضی اور سلیمان بن احمد طبرانی وغیرہ سے روایت کی ہیں۔ شیخ القدوری ابو عبد اللہ محمد بن یحیٰ الجرجانی اور ابو الحسن محمد بن احمد الزعفرانی آپ کے تلامذہ میں سے ہیں۔ ابو بکر الرازی سات ذوالحجہ بروز اتوار 370ھ کو وفات ہوئے۔ وفات کے وقت آپ کی عمر 65 سال تھی۔

آپ جصاص کے لقب سے مشہور ہیں اور جصاص جیم کے زبر اور ص کے شد کے ساتھ بولا جاتا ہے، اور یہ چونا یا گچ کے پیشے سے منسلک ہونے کی وجہ سے معروف ہے۔ بعض لوگوں نے آپ کا ذکر جصاص کے ساتھ کیا ہے اور بعض نے الرازی کے ساتھ، لیکن یہ درحقیقت ایک ہی شخص ہے۔

خطیب بغدادی ابو بکر احمد بن علی، **تاریخ بغداد** (بیروت: دار الکتب العلمیہ، طبع الاولی: 1417ھ) ج:5، ص:72، 73

ابو الحسنات محمد عبد الحئی لکھنوی، **الفوائد البھیۃ فی تراجم الحنفیۃ** (بجوار محافظۃ مصر: دارالسعادۃ، طبع اول: 1324ھ) ص:27، 28

[3] پلے سٹور پر اس ایپلی کیشن کا سائز 15 ایم بی ہے لیکن موبائل میموری میں یہ ایپلی کیشن 44 ایم بی جگہ گھیرتی ہے۔

ورژن: 1.6

ریٹنگ: ☆4.7

ڈاون لوڈنگ کی تعداد: 10 ہزار سے زیادہ

تعارف: یہ ایپلی کیشن امام ابو بکر الجصاص کی تفسیر احکام القرآن کے اردو ترجمہ کے لیے بنائی گئی ہے۔ احکام القرآن کے اس ترجمہ کے مترجم کے بارے میں کچھ معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ یہ ایپلی کیشن عثمان پرویز نے بنائی ہے۔ یہ ایپلی کیشن پہلی بار 7 نومبر 2017ء کو پلے سٹور پر اَپ لوڈ کی گئی اور آخری بار 22 دسمبر 2019ء کو اَپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

خصوصیات:

یہ ایپلی کیشن پلے سٹور پر موجود ہے اور اسے بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے۔
اس ایپلی کیشن کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔
یہ ایپلی کیشن اشتہارات سے پاک ہے۔
مفسر کے متعلق مختصر بنیادی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔
یہ ایپلی کیشن یونی کوڈ ٹیکسٹ ڈیٹا پر مشتمل ہے۔
اس ایپلی کیشن کا استعمال نہایت آسان ہے۔
بامحاورہ ترجمہ اور تفسیر کے علاوہ ہر آیت کے ساتھ لفظی ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔
قرآن، ترجمہ اور تفسیر کو ایک ساتھ دیکھنے اور علیحدہ علیحدہ دیکھنے کی سہولت بھی موجود ہے۔
قرآن، ترجمہ اور تفسیر میں استعمال کسی بھی لفظ کو لکھ کر آسانی سے تلاش کیا جا سکتا ہے۔
سورتوں کو نام اور نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت دی گئی ہے۔
آیت کو نمبر سے تلاش کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔
قرآن کے الفاظ کو تجویدی قواعد کے ساتھ ظاہر کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔
عربی اور اردو کے کئی فانٹس شامل کیے گئے ہیں جن میں سے کسی ایک کو استعمال کنندگان اپنی پسندیدگی کے مطابق منتخب کر سکتے ہیں۔
قرآن مجید، ترجمہ اور تفسیر کے فانٹس سائز کو اپنی ضرورت کے مطابق کم اور زیادہ رکھنے کی سہولت دی گئی ہے۔
اس ایپلی کیشن میں کسی بھی آیت، ترجمہ اور تفسیر کو کاپی اور پیسٹ کرنے کی سہولت دی گئی ہے اور کسی دوسرے پروگرام میں آسانی سے شیئر کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

ایپلی کیشن بند کرنے کے بعد دوبارہ کھولنے پر اسی جگہ سے تلاوت یا مطالعہ شروع کرنے کی سہولت موجود ہے جہاں پر ایپلی کیشن بند کی گئی ہو۔

تسامحات:

سورتوں کی فہرست میں ہر سورت کے نام کے ساتھ مدنی اور مکی ہونے کی نشان دہی کی گئی ہے اور آیات کی تعداد بھی بتائی گئی ہے، لیکن کسی سورت کے نام پر کلک کرنے کے بعد سورت کے شروع میں آیات اور رکوع کی تعداد کا ذکر نہیں ہے۔

طریقۂ استعمال:

ایپلی کیشن کھولنے کے بعد سب سے اوپر والے حصے (ٹائٹل بار) پر انگریزی میں ایپلی کیشن کا نام لکھا ہوتا ہے، جس کی دائیں طرف تیر کے نشان کا ایک آئیکون ہے۔ اس نشان پر کلک کرکے کسی سورت اور اس کے کسی آیت کا نمبر لکھ کر آسانی سے مطلوبہ آیت تک رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔

